ذوق دہلوی

اصل نام: شیخ محمد ابراہیم

تخلص: ذوق

والد: شیخ محمد رمضان

ولادت: ۲۲/اگست ۱۷۸۹ء

مقام ولادت: دہلی

وفات: ۱۶/نومبر ۱۸۵۴ء

مقام وفات: دہلی

تصانیف: ایک دیوان

رشید احمد صدیقی

اصل نام: رشید احمد صدیقی

ولادت: ۱۸۹۸ء

مقام ولادت: موضع مرلیا ضلع جونپور

وفات: ۱۹۷۷ء

مقام وفات: علی گڑھ

تصانیف: آشفتہ بیانی میری، خنداں، مضامین رشید، گنج ہائے گراں مایہ، ہم نفساں رفتہ، طنزیات ومضحکات وغیرہ

عبدالحلیم شرر

اصل نام: عبدالحلیم

تخلص: شرر

والد: حکیم تفضل حسین

ولادت: ۱۸۶۰ء

مقام ولادت: لکھنؤ

وفات: ۱۹۲۶ء

مقام وفات: لکھنؤ

تصانیف: فردوس بریں، زوال بغداد وغیرہ

سجاد ظہیر

اصل نام: سجاد ظہیر

ولادت: ۱۹۰۴ء

وفات: ۱۹۷۳ء

تصانیف: روشنائی، لندن کی ایک رات وغیرہ

فانی بدایونی

اصل نام: محمد شوکت علی خاں

تخلص: فانی

والد: محمد شجاعت علی خاں

ولادت: ۱۳/دسمبر ۱۸۷۹ء

مقام ولادت: بدایوں

وفات: ۲۶/اگست ۱۹۴۱ء

مقام وفات: حیدرآباد

تصانیف: کلیات فانی، باقیات فانی

عصمت چغتائی

اصل نام: عصمت چغتائی

ولادت: ۱۹۱۵ء

وفات: ۱۹۹۱ء

تصانیف: ٹیڑھی لکیر، ضدی، معصومہ وغیرہ

سعادت حسن منٹو

اصل نام: سعادت حسن

تخلص: منٹو

ولادت: ۱۹۱۲ء

وفات: ۱۹۵۵ء

تصانیف: ٹھنڈا گوشت، ٹوبہ ٹیک سنگھ وغیرہ

ناسخ لکھنوی

اصل نام: شیخ امام بخش

تخلص: ناسخ

والد: خدا بخش

ولادت: ۱۰/اپریل ۱۷۷۲ء

مقام ولادت: فیض آباد

وفات: ۱۶/اگست ۱۸۳۷ء

مقام وفات: لکھنؤ

تصانیف: دیوان

فیض احمد فیض

اصل نام: فیض احمد

تخلص :فیض

والد: سلطان محمد خاں

ولادت:۳رفروری۱۹۱۱ء

مقام ولادت: سیالکوٹ

وفات:۲۰رنومبر۱۹۸۴ء

مقام وفات:لاہور، پاکستان

تصانیف:دست صبا،نقش فریادی،زنداں نامہ،صلیبیں میرے دریچے میں وغیرہ

احتشام حسین

اصل نام:سید احتشام حسین

ولادت:۱۹۱۲ء

مقام ولادت: قصبہ ماہل،اعظم گڑھ

وفات:۱۹۷۲ء

تصانیف:تنقیدی جائزے،روایت اور بغاوت، ادب اور سماج، اردو ادب کی تنقیدی تاریخ وغیرہ

محمد حسن

اصل نام:محمد حسن

ولادت:۱۹۲۵ء

مقام ولادت: مرادآباد، یوپی

تصانیف:ادبی تنقید،معاصرادب کے پیش رو، ادبی سماجیات وغیرہ

مجنوں گورکھپوری

اصل نام:احمد صدیق

تخلص: مجنوں

والد:مولوی محمد فاروق

ولادت:۱۰رمئی۱۹۰۴ء

مقام ولادت:منجھریا ضلع بستی

وفات:۴رجون۱۹۸۸ء

مقام وفات: کراچی، پاکستان

تصانیف:خواب وخیال،سمن پوش،زیدی کا حشر،غالب شخص اور شاعر،تنقیدی حاشیے، ادب اور زندگی،تاریخ جمالیات وغیرہ

مسعود حسن رضوی ادیب

اصل نام:محمد مسعود

تخلص:ادیب

والد:سید مرتضیٰ حسین

ولادت:۲۹رجولائی۱۸۹۳ء

مقام ولادت:بہرائچ

وفات:۲۹رنومبر۱۹۷۵ء

مقام وفات:لکھنؤ

تصانیف:اردو زبان اوراس کا رسم الخط، آب حیات کا تنقیدی مطالعہ،نگارشات ادیب،لکھنؤ کا شاہی اسٹیج وغیرہ

محمود شیرانی

اصل نام:محمد میکائیل

قلمی نام:محمود شیرانی

والد:محمد اسماعیل خاں

ولادت:۵ر اکتوبر۱۸۸۰ء

مقام ولادت:باغ ٹونک،راجستھان

وفات:۱۵رفروری۱۹۴۶ء

مقام وفات:باغ ٹونک،راجستھان

تصانیف:پنجاب میں اردو،خالق باری، تنقید شعرالعجم،مقالات محمود شیرانی وغیرہ

نیاز فتح پوری

اصل نام:نیاز محمد خاں

قلمی نام:نیاز فتح پوری

والد:محمد امیر خاں

ولادت:۱۸۸۴ء

مقام ولادت:بارہ بنکی

وفات:۲۵رمئی۱۹۶۶ء

مقام وفات: کراچی، پاکستان

تصانیف: نگارستان، جمالستان،شہاب کی سرگذشت،مالہ وماعلیہ،وغیرہ

علی عباس حسینی

اصل نام:علی عباس

قلمی نام:علی عباس حسینی

والد: مولوی سید محمد صالح

ولادت: ۳۰/فروری ۱۸۹۷ء

مقام ولادت: غازی پور

وفات: ۲۷/ستمبر ۱۹۶۹ء

مقام وفات: لکھنؤ

تصانیف: میلہ گھومنی، ایک عورت ہزار جلوے، ایک حمام میں، سیلاب کی راتیں وغیرہ

قاضی عبدالودود

اصل نام: عبدالودود

قلمی نام: قاضی عبدالودود

والد: قاضی عبدالوحید

ولادت: ۸/مئی ۱۸۹۶ء

مقام ولادت: گیا، بہار

وفات: ۲۵/جنوری ۱۹۸۴ء

مقام وفات: پٹنہ

تصانیف: عیارستان، اشتر و سوزن وغیرہ

امتیاز علی تاج

اصل نام: سید امتیاز علی

قلمی نام: امتیاز علی تاج

والد: مولوی ممتاز علی

ولادت: ۱۳/اکتوبر ۱۹۰۰ء

مقام ولادت: لاہور، پاکستان

وفات: ۱۹/اپریل ۱۹۷۰ء

مقام وفات: لاہور

تصانیف: بھارت سپوت، موت کا راگ، انارکلی وغیرہ

مولوی عبدالحق

اصل نام: عبدالحق

والد: شیخ علی حسن

ولادت: ۲۰/اگست ۱۸۷۰ء

مقام ولادت: ہاپڑ ضلع غازی آباد

وفات: ۱۶/اگست ۱۹۶۱ء

مقام وفات: کراچی

لقب: بابائے اردو

تصانیف: اردو صرف و نحو، اردو یونیورسٹی وقت کا اہم تقاضا، افکار حالی وغیرہ

اختر حسین رائے پوری

اصل نام: اختر حسین

والد: اکبر حسین

ولادت: ۱۲/جون ۱۹۱۲ء

مقام ولادت: رائے پور (چھتیس گڑھ)

وفات: ۲/جون ۱۹۹۲ء

مقام وفات: کراچی، پاکستان

تصانیف: ادب اور انقلاب، محبت اور نفرت، روشن مینار وغیرہ

ڈاکٹر رشید جہاں

اصل نام: رشید جہاں

والد: شیخ عبداللہ

ولادت: ۲۵/اگست ۱۹۰۵ء

مقام ولادت: علی گڑھ

وفات: ۲۹/جولائی ۱۹۵۲ء

مقام وفات: ماسکو

تصانیف: شعلۂ جوالہ، پردے کے پیچھے، گوشۂ عافیت، عورت وغیرہ

ڈاکٹر اعجاز حسین

اصل نام: اعجاز حسین

والد: محمد شفیع

ولادت: ۱۵/اگست ۱۸۹۸ء

مقام ولادت: الہ آباد

وفات: فروری ۱۹۷۵ء

تصانیف: ملک ادب کے شہزادے، آئینۂ معرفت، مذہب اور شاعری، اردو شاعری کا سماجی پس منظر وغیرہ

عروض و بلاغت کے اہم سوالات

1. استعارے میں ارکان تشبیہ میں سے کون سا لفظ استعمال ہوتا ہے؟

(A) مشبہ (B) مشبہ بہ

(C) حرف شبہ (D) وجہ شبہ

2. مقطع کسے کہتے ہیں؟

(A) غزل کا پہلا شعر (B) غزل کا سب سے اچھا شعر

(C) وہ شعر جو مطلع کے بعد آئے (D) وہ شعر جس میں شاعر کا تخلص ہو

3. تغزل سے کس کا تعلق نہیں ہے؟

(A) ابہام (B) سوز و گداز

(C) نغمگی (D) جزالت

4. انشاء اللہ خاں انشاء نے اردو قواعد پر کون سی کتاب لکھی؟

(A) قواعد اردو (B) مصباح القواعد

(C) دریائے لطافت (D) جدید اردو قواعد

5. ''جز کہہ کر کل مراد لینا'' یہ تعریف کس کے ذیل میں آتی ہے؟

(A) تشبیہ (B) کنایہ

(C) استعارہ (D) مجاز مرسل

6. مندرجہ ذیل میں علم بیان سے متعلق کون سا لفظ ہے؟

(A) تضاد (B) تکرار

(C) تجنیس (D) تشبیہ

7. قافیہ کسے کہتے ہیں؟

(A) ہم صورت الفاظ (B) ہم معنی الفاظ

(C) ہم آہنگ الفاظ (D) ایک جیسے الفاظ

7(C). 6(D). 5(D). 4(C). 3(A). 2(D). 1(B).

8. مطلع کسے کہتے ہیں؟

(A) پہلا شعر جس کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوں (B) غزل کا آخری شعر

(C) جس شعر میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرتا ہے (D) غزل کا سب سے اچھا شعر

9. گریز کس صنف کا جزو ہے؟

(A) مثنوی (B) مرثیہ

(C) قصیدہ (D) آزاد نظم

10. ہائیکو کس ملک کی صنف شاعری ہے؟

(A) امریکہ (B) جرمنی

(C) جاپان (D) برطانیہ

11. مصرعہ کسے کہتے ہیں؟

(A) شعر کی پہلی لائن کو (B) شعر کی دوسری لائن کو

(C) شعر کی دونوں لائن کو (D) شعر کی ایک لائن کو

12. جب کوئی لفظ اپنے اصل معنی کے بجائے مجازی معنی میں استعمال ہو اور دونوں معنی میں تشبیہی تعلق ہو تو اسے کیا کہتے ہیں؟

(A) کنایہ (B) استعارہ

(C) ابہام (D) تجنیس

13. آزاد نظم سے مراد ہوتی ہے وہ نظم جس میں۔

(A) ردیف قافیہ کی پابندی نہ ہو (B) بحر کا کوئی خیال نہ رکھا جائے

(C) وزن سے اجتناب کیا گیا ہو (D) ردیف کو حذف کر دیا گیا ہو

14. اس صنف کو کیا کہتے ہیں جس کے تمام اشعار قافیہ اور ردیف کے اعتبار سے یکساں ہوں مگر معنی و مفہوم کے لحاظ سے ہر شعر اپنے اندر مکمل اور جداگانہ ہو؟

(A) آزاد نظم (B) مرثیہ

(C) مثنوی (D) غزل

14(D). 13(A). 12(B). 11(D). 10(C). 9(C). 8(A).

15. اس صنف شاعری کو کیا کہتے ہیں جس میں ایک موضوع پر مربوط اور تمام اشعار ایک دوسرے سے وابستہ ہوں؟

(A) غزل (B) قطعہ

(C) نظم (D) مثنوی

16. جس نظم میں بربادیوں اور تباہ کاریوں کا ذکر نہایت دردمندی کے ساتھ ہوتا ہے اسکو کیا کہتے ہیں؟

(A) واسوخت (B) مرثیہ

(C) گیت (D) شہر آشوب

17. جس نظم میں کسی کی مدح یا ہجو غزل کی طرح قافیہ اور ردیف کی پابندی کے ساتھ بیان کی جائے اسے شاعری کی اصطلاح میں کیا کہتے ہیں؟

(A) نظم (B) قصیدہ

(C) نوحہ (D) مرثیہ

18. اس طویل نظم کو کیا کہتے ہیں جس کے اشعار کے دونوں مصرعے ہم وزن اور ہم قافیہ ہوں اور ہر شعر کا قافیہ پچھلے شعر کے قافیہ سے مختلف ہو؟

(A) مثنوی (B) نظم معری

(C) مرثیہ (D) قصیدہ

19. جو غزل صنف نازک کی زبان میں کہی جائے اس کو کیا کہتے ہیں؟

(A) غزل (B) ہزل

(C) دوبیتی (D) ریختی

20. کوئی بھی سہ حرفی کلمہ جس کا متوسط حرف ساکن ہو کیا کہلاتا ہے؟

(C) فاصلہ (B) فاصلہ عظمیٰ

(C) فاصلہ صغریٰ (D) وتد مفروق

20(D). 19(D). 18(C). 17(B). 16(D). 15(C).

21. شعر کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے ارکان بحر کے مطابق کرنے کو اصطلاح میں کیا کہتے ہیں؟

(A) رکن (B) زحاف

(C) تقطیع (D) وزن

22. اشعار کو وزن کرنے کے لئے چند الفاظ مقرر ہیں ان کو اصطلاح میں کیا کہتے ہیں؟

(A) وزن (B) رکن

(C) ہائے مختفی (D) حروف ردی

23. جس رکن اور بحر میں کوئی تغیر نہ ہو اس کو اصطلاح میں کیا کہتے ہیں؟

(A) زحاف (B) مثمن

(C) سالم (D) مسدس

24. چار مصرعوں والی اس نظم کو کیا کہتے ہیں جس کے چاروں مصرعوں میں خیال مربوط اور مسلسل ہو لیکن تیسرا مصرعہ بے قافیہ ہو؟

(A) غزل (B) ہزل

(C) قطعہ (D) رباعی

25. جس نثر میں وزن ہو مگر قافیہ نہ ہو اسے کیا کہتے ہیں؟

(A) مسجع (B) مقفیٰ

(C) مرجز (D) مرصع

26. جس نثر میں قافیہ ہو وزن نہ ہو اس کو کیا کہتے ہیں؟

(A) مقفیٰ (B) مسجع

(C) مرصّع (D) عاری

27. ایسے دو فقرے جس کے تمام الفاظ ایک دوسرے کے ہم وزن اور حروف آخر بھی موافق ہوں تو اس کو کیا کہتے ہیں؟

(A) مرجز (B) مسجع

(C) مرصّع (D) مقفیٰ

27(B). 26(A). 25(C). 24(D). 23(C). 22(B). 21(C).

28. غزل یا نظم کے ردیف وقافیہ کو کیا کہتے ہیں؟
(A) مطلع (B) حسن مطلع
(C) زمین (D) مصرع طرح

29. غزل کا پہلا شعر جس کے دونوں مصرعے ہم ردیف وہم قافیہ ہوں تو اسکو کیا کہتے ہیں؟
(A) مطلع (B) حسن مطلع
(C) مقطع (D) قطعہ

30. غزل کا دوسرا شعر جس کے دونوں مصرعے ہم ردیف وہم قافیہ ہوں تو کیا کہلاتا ہے؟
(A) مطلع (B) حسن مطلع
(C) تضمین (D) بیت الغزل

31. نظم کا وہ حصہ جو ایک اکائی کے طور پر پہچانا جا سکے اصطلاحاً کیا کہلاتا ہے؟
(A) بیت (B) مسمط
(C) تضمین (D) بند

32. تمام مصرعے برابر ہوں لیکن قافیہ نہ ہو کون سی نظم کہلاتی ہے؟
(A) آزاد نظم (B) پابند نظم
(C) نظم معریٰ (D) ترجیع بند

33. غزل کا ہر شعر معنوی اعتبار سے ہوتا ہے؟
(A) جداگانہ (B) بے ربط
(C) مسلسل (D) پیچیدہ

34. علم عروض میں آٹھ دفعہ "متفاعلن" کی گردان کہلاتی ہے؟
(A) بحر متقارب (B) بحر رمل
(C) بحر وافر (D) بحر کامل

35. جب کوئی بات عقل وعادت دونوں کے نزدیک ممکن ہو تو اسے کون سی صنعت کہتے ہیں؟
(A) مبالغہ (B) بلیغ
(C) غلو (D) تبلیغ

35(D). 34(D). 33(A). 32(C). 31(D). 30(B). 29(A). 28(C).

36. مطلع کے فوراً بعد آنے والے شعر کو کیا کہتے ہیں؟
(A) حسن مطلع (B) مقطع
(C) بیت الغزل (D) دولخت

37. ایسا کلام جس سے دو مفہوم نکلتے ہوں اور کوئی خاص مفہوم متعین نہ ہو تو یہ کون سی صنعت ہے؟
(A) ایہام (B) کنایہ
(C) تلمیح (D) ادماج

38. کلام میں ایسی بات کہی جائے جو عقل اور عادت کے خلاف ہو تو اس کو کیا کہتے ہیں؟
(A) تضاد (B) تجنیس
(C) غلو (D) مبالغہ

39. جس شعر میں کوئی مشہور واقعہ، قصہ یا قول کی طرف اشارہ کیا جائے تو وہ بلاغت کی کون سی صنعت کہلاتی ہے؟
(A) مبالغہ (B) تلمیح
(C) تلمیع (D) صنعت مشاکلت

40. جس شعر میں کسی لفظ کا تسلسل کے ساتھ یا مکرر استعمال ہوا ہو وہ بلاغت کی کونسی صنعت کہی جاتی ہے؟
(A) صنعت تضاد (B) صنعت مشاکلت
(C) صنعت تکرار (D) صنعت استقاق

41. کسی دوسرے کے کلام کو کم وبیش کر کے اپنے کلام میں لانے کو بلاغت کی اصطلاح میں کیا کہا جاتا ہے؟
(A) ایہام (B) صنعت عکس
(C) اشتباع (D) اقتباس یا تضمین

41(D). 40(C). 39(B). 38(C). 37(B). 36(D).

42. جس کلام میں دو یا دو سے زیادہ ایسے معنی اکٹھا ہوں جو ایک دوسرے کی ضد ہوں وہ کون سی صنعت ہے؟
(A) لف ونشر (B) صنعت تضاد
(C) محتمل الضدین (D) صنعت عکس

43. شاعری کی ایسی ہیئت جس میں تین مصرعے ہوتے ہیں کیا کہلاتی ہے؟
(A) آزاد نظم (B) ترائیلے
(C) ہائیکو یا ہاکو (D) بند

44. قصیدہ کن لوگوں کی ایجاد ہے؟
(A) ایرانیوں کی (B) ہندوستانیوں کی
(C) عربوں کی (D) مصریوں کی

45. تشبیب کس صنف سخن کا حصہ ہے؟
(A) مثنوی (B) مرثیہ
(C) قصیدہ (D) رباعی

46. اگر شعر میں الفاظ کی ترتیب اتنی زیادہ بدل دی جائے کہ وہ ناگوار معلوم ہو یا مفہوم سمجھنے میں دشواری ہو یا مفہوم بدل جائے تو اسے کیا کہتے ہیں؟
(A) تخلیص (B) تعقید
(C) تاکید (D) تضمین

47. کسی چیز سے جان بوجھ کر انجان بننے کو بلاغت میں کونسی صنعت کہتے ہیں؟
(A) اغراق (B) تضاد
(C) مراعات النظیر (D) تجاہل عارفانہ

48. رباعی کا قدیم نام کیا ہے؟
(A) ترانہ (B) دوبیتی
(C) قطعہ (D) دوشعر

48(A). 47(D). 46(B). 45(C). 44(C). 43(C). 42(B).

49. پیاسی جو تھی سپاہ خدا تین رات کی ☆ ساحل سے سر پٹکتی تھیں موجیں فرات کی
اس شعر میں کونسی صنعت ہے؟
(A) تلمیح (B) تلمیح
(C) حسن تعلیل (D) غلو

50. پوچھتے ہیں وہ کہ غالب کون ہے ☆ کوئی بتلاؤ کہ ہم بتلائیں کیا
اس شعر میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟
(A) ایہام (B) تجاہل عارفانہ
(C) تضاد (D) مراعات النظیر

51. نہ ہمت نہ قسمت نہ دل ہے نہ آنکھیں ☆ نہ ڈھونڈا نہ پایا نہ سمجھا نہ دیکھا
مندرجہ بالا شعر میں کون سی صنعت ہے؟
(A) لف ونشر مرتب (B) لف ونشر غیر مرتب
(C) تضاد (D) مراعات النظیر

52. جس نظم میں تباہی کا بیان ہمدردی کے ساتھ ہوا سے کیا کہتے ہیں؟
(A) قصیدہ (B) واسوخت
(C) شہر آشوب (D) مرثیہ

53. جان بوجھ کر انجان بننا بلاغت کی کون سی صنعت ہے؟
(A) تلمیح (B) تقطیع
(C) تجاہل عارفانہ (D) صنعت تضاد

54. صحابہ رسول یا صوفیائے کرام کی تعریف میں جو نظم کہی جاتی ہے؟
(A) ریختی (B) نعت
(C) تبلیغ (D) منقبت

54(D). 53(C). 52(C). 51(A). 50(B). 49(C).

55. جو غزلیں صنف نازک کی زبان میں کہی جاتی ہے اسے کیا کہتے ہیں؟

(A) رباعی (B) ریختی

(C) منقبت (D) ادماج

56. جس کلام میں دو یا دو سے زیادہ معنی اکٹھا ہوں جو ایک دوسرے کی ضد ہوں وہ کون سی صنعت ہے؟

(A) صنعت تضاد (B) صنعت تکرار

(C) صنعت تلمیح (D) صنعت ابہام

57. مروجہ مرثیہ کے ایک بند کتنے اشعار ہوتے ہیں؟

(A) چار اشعار (B) پانچ اشعار

(C) تین اشعار (D) دو اشعار

58. جس کے دونوں مصرے ہم قافیہ ہوں ایسی نظم کو کیا کہتے ہیں؟

(A) رباعی (B) قصیدہ

(C) مثنوی (D) نظم

59. خدا کی تعریفِ جس نظم میں بیان کی جاتی ہے اسے کیا کہتے ہیں؟

(A) نعت (B) غزل

(C) مناجات (D) حمد

60. ایسا کلام جس سے دو مفہوم نکلتے ہوں اور کوئی خاص مفہوم متعین نہ ہو؟

(A) تشبیب (B) ادماج

(C) زحاف (D) سالم

61. قصیدہ کا وہ حصہ جس سے قصیدے کا آغاز ہوتا ہے؟

(A) تشبیب (B) دعا

(C) مدح (D) گریز

61(A). 60(B). 59(D). 58(C). 57(C). 56(A). 55(B)

62. وہ صنف سخن جس میں بربادیوں اور تباہ کاریوں کا ذکر نہایت دردمندی کے ساتھ کیا جاتا ہے؟

(A) مرثیہ (B) مناجات

(C) شہر آشوب (D) منقبت

63. جب کوئی بات عقل وعادت یا دونوں کے نزدیک ممکن ہو تو اسے کون سی صنعت کہتے ہیں؟

(A) صنعت تضاد (B) صنعت تکرار

(C) صنعت ابہام (D) تبلیغ

64. غزل یا نظم کے ردیف وقافیہ کو کیا کہتے ہیں؟

(A) زمین (B) حسن مطلع

(C) مقطع (D) ردیف

65. جس نظم میں رسول خدا کی تعریف بیان کی جاتی ہے؟

(A) منقبت (B) ریختی

(C) نعت (D) مدح

66. ایسی نثر کو کیا کہتے ہیں جس میں وزن نہ ہو مگر آخری الفاظ میں قافیہ ہو؟

(A) مسجع (B) مقفیٰ

(C) مرجز (D)

67. ایسی صنف شاعری جس میں تین مصرے ہوتے ہیں؟

(A) مثنوی (B) ہائیکو یاہایا

(C) مرثیہ (D) مثلث

68. قصیدہ کس کی ایجاد ہے؟

(A) ترکوں کی (B) عربوں کی

(C) ایرانیوں کی (D) ہندوستانیوں کی

68(B). 67(B). 66(B). 65(C). 64(A). 63(D). 62(C)

69. شعر کے تولنے کے عمل کو کیا کہتے ہیں؟
(A) تقطیع (B) تلمیح
(C) زحاف (D) تلمیح

70. چار مصرعوں کا بند جس کے تین مصرے ہم قافیہ اور چوتھا مصرعہ خلاف قافیہ ہوتا ہے؟
(A) مخمس (B) مسدس
(C) مثمن (D) مربع

71. مرثیہ کا اہم حصہ کون ہے؟
(A) بین (B) شہادت
(C) جنگ (D) چہرہ

72. ارکان شعر جو تغیرات واقع ہوتے ہیں انھیں؟
(A) زحاف (B) رکن
(C) مثمن (D) سالم

73. اس نظم کو کیا کہتے ہیں جو آٹھ مصرعوں پر مشتمل ہو جن میں چھ ہم قافیہ ہوتے ہیں اور آخری دونوں مصرعوں کا ہم قافیہ ہونا ضروری نہیں ہے؟
(A) مخمس (B) مسدس
(C) مثمن (D) مثلث

74. وہ نظم جس میں کسی کی مدح یا ہجو کی جائے اس کو کیا کہتے ہیں؟
(A) مرثیہ (B) قصیدہ
(C) غزل (D) مثنوی

75. تین تین مصرع جن میں دو ہم قافیہ اور تیسرا ہم قافیہ نہ ہو کیا کہلاتا ہے؟
(A) مثمن (B) مسدس
(C) مخمس (D) مثلث

75(D). 74(B). 73(C). 72(A). 71(C). 70(D). 69(A).

76. جس رکن اور بحر میں کوئی تغیر نہ ہو اس کو عروضی اصطلاح میں کیا کہتے ہیں؟
(A) سالم (B) رکن
(C) زحاف (D) اوماج

77. چھ مصرعے پر مشتمل ایک بند کو کیا کہتے ہیں؟
(A) مخمس (B) مسدس
(C) مثمن (D) مثلث

78. غزل کے پہلے شعر کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں اسے کیا کہتے ہیں؟
(A) مطلع (B) حسن مطلع
(C) مقطع (D) ردیف

79. قصیدہ کا آخری حصہ کہلاتا ہے؟
(A) تشبیب (B) گریز
(C) مدح (D) دعا

80. جس شعر میں کسی لفظ کا تسلسل کے ساتھ یا مکرر استعمال ہوا ہو وہ بلاغت کی کون سی صنعت کہی جاتی ہے؟
(A) صنعت تضاد (B) صنعت ابہام
(C) صنعت تلمیح (D) صنعت تکرار

81. وہ شعر جس میں شاعر اپنا تخلص لاتا ہے کیا کہلاتا ہے؟
(A) مطلع (B) حسن مطلع
(C) مقطع (D) بیت الغزل

82. اس نظم کو کیا کہتے ہیں جو پانچ مصرعوں پر مشتمل ہو جن میں چار ہم قافیہ اور پانچواں خلاف قافیہ ہو؟
(A) مسدس (B) مخمس
(C) مربع (D) مثمن

82(B). 81(C). 80(D). 79(D). 78(A). 77(B). 76(A).

83. قصیدے کے پہلے حصے کا کیا نام ہے؟

(A) چہرہ (B) مدح

(C) گریز (D) تشبیب

84. گریز کس صنف سخن میں دیکھنے کو ملتا ہے؟

(A) مرثیہ (B) غزل

(C) نظم (D) قصیدہ

85. وہ مستقل لفظ یا حرف جو شعر میں قافیہ کے بعد آتے ہیں اسے کیا کہتے ہیں؟

(A) قافیہ (B) ردیف

(C) ہم ردیف وہم قافیہ (D) تکرار

86. غزل کا دوسرا شعر جس کے دونوں مصرعے ہم قافیہ وہم ردیف ہوں تو کیا کہلائے گا؟

(A) مطلع (B) حسن مطلع

(C) حسن طلب (D) مقطع

87. قافیہ کی بنیاد جس حرف یا حرکت پر ہوتی ہے اصطلاحاً اسے کیا کہتے ہیں؟

(A) ردیف (B) قافیہ

(C) ردی (D) زمین

88. ایسے اشعار کو کیا کہتے ہیں جس میں شاعر خدا کا ذکر کرتا ہے یا دعا مانگتا ہے؟

(A) نعت (B) حمد

(C) منقبت (D) مناجات

89. کلام موزوں کو کیا کہتے ہیں؟

(A) غزل (B) نظم

(C) مرثیہ (D) آزاد نظم

89(B). 88(D). 87(C). 86(B). 85(D). 84(D). 83(D).

90. قصیدہ کے اہم ترین حصے کا نام بتائیں؟

(A) گریز (B) تشبیب

(C) مدح (D) دعا

91. جس شعر کے دونوں مصرعوں میں آٹھ رکن ہوں۔ اس کو کیا کہتے ہیں؟

(A) مسدس (B) مخمس

(C) مثلث (D) مثمن

92. پانچ مصرعے پر مشتمل بند کو کیا کہتے ہیں؟

(A) مخمس (B) مسدس

(C) مثمن (D) مثلث

93. مرثیہ کے پہلے حصے کو کیا کہتے ہیں؟

(A) چہرہ (B) رخصت

(C) آمد (D) جنگ

94. اشعار کو وزن کرنے کے لئے چند الفاظ مقرر ہوتے ہیں ان کو اصطلاح میں کیا کہتے ہیں؟

(A) زحاف (B) سالم

(C) رکن (D) ردی

95. غزل جیسی شاندار صنف سخن کس کے بطن سے پیدا ہوئی ہے؟

(A) مرثیہ (B) قصیدہ

(C) رباعی (D) مثنوی

96. ایسی نظم جو واقعات کربلا پر مبنی ہو اسے کس نام سے موسوم کرتے ہیں؟

(A) قصیدہ (B) غزل

(C) نظم (D) مرثیہ

96(D). 95(B). 94(C). 93(A). 92(A). 91(D). 90(C).

97. اردو کے زیادہ تر مرثیہ کس پیرائے میں لکھے گئے ہیں؟

(A) مثلث (B) مسدس

(C) ترکیب بند مسدس (D) مخمس

98. غیر موزوں کلام کو کیا کہتے ہیں؟

(A) نظم (B) نثر

(C) نثر مسجع (D) مقفیٰ و مسجع

99. تشبیب کس سخن میں ہوتا ہے؟

(A) قصیدہ (B) مثنوی

(C) مرثیہ (D) قطع

100. وہ نثر جن کے فقرے اور جملے ہم قافیہ ہوں کیا کہلاتا ہے؟

(A) نثر (B) نثر مسجع

(C) کلام موزوں (D) زمین

101. جس شعر میں کوئی واقعہ، قصہ یا قول کی طرف اشارہ کیا جائے؟

(A) تلمیح (B) منقبت

(C) تلمیع (D) مقطع

102. ایسی طویل نظم کو کیا کہتے ہیں جس کے اشعار کے دونوں مصرعے ہم وزن اور ہم قافیہ ہوں؟

(A) مرثیہ (B) قصیدہ

(C) مثنوی (D) غزل

103. مرثیہ کا کون سا حصہ جذبات نگاری کے لئے اہم ہے؟

(A) جنگ (C) رخصت

(C) آمد (D) بین

103(D). 102(C). 101(A). 100(B). 99(A). 98(B). 97(C).

104. دل پسند انداز سے کسی چیز کا طلب کرنا بلاغت کی کس صنعت کی تعریف ہے؟

(A) تبلیغ (B) حسن طلب

(C) تلمیح (D) حسن مطلع

105. جس کا پہلا دوسرا اور چوتھا بند ہم قافیہ ہو اس کو کیا کہتے ہیں؟

(A) مثنوی (B) رباعی

(C) مرثیہ (D) قصیدہ

✿✿✿

آرٹسٹ ہم میں حسن کا احساس پیدا کرتا ہے اور محبت و گرمی۔ اس کا ایک فقرہ، ایک لفظ، ایک کنایہ اس طرح ہمارے اندر جا بیٹھتا ہے کہ ہماری روح روشن ہو جاتی ہے۔ مگر جب تک آرٹسٹ خود جذبہ حسن سے سرشار نہ ہو اس کی روح خود اس نور سے منور نہ ہو تو ہمیں روشنی کیوں کر عطا کر سکتا ہے۔

پریم چند

105(B). 104(B).

فن عروض اور بلاغت پر لکھی گئی اہم کتابیں

اردو کا اپنا عروض : گیان چند جین
آئینہ بلاغت : مرزا محمد عسکری
آئینہ سخن فہمی : مسعود حسن رضوی
آہنگ اور عروض : کمال احمد صدیقی
تسہیل البلاغت : مرزا اسجاد بیگ دہلوی
جواہر العروض : احمد شاہ بیگ
شعر و شاعری : مولوی سید مہدی الزماں جائسی
عروض آہنگ اور بیان : شمس الرحمٰن فاروقی
علم بلاغت اور علم عروض : پروفیسر نظیر صدیقی
فن شاعری : علامہ اخلاق حسین دہلوی
فن عروض : خواجہ عشرت رحمانی
قواعد العروض : قدر بلگرامی
مظہر عروض : مظہر علی چشتی

صرف ونحو

صرف: صرف وہ علم ہے، جس سے لفظ کی حقیقت اور اس کی مختلف شکلیں معلوم ہوتی ہیں۔ لفظ کسی جملے کا ایک جزو ہوتا ہے اور ہر لفظ کے کچھ نہ کچھ معنی ضرور ہوتے ہیں۔ مہمل الفاظ جن کے کچھ معنی نہ ہوں قواعد کی تعریف سے باہر ہیں۔ لفظ کے اصل معنی بول چال ہی میں ظاہر ہوتے ہیں اور ہر لفظ جو کسی جملہ میں شامل ہوتا ہے اپنے خاص معنی رکھتا ہے۔ الفاظ کی دو قسمیں ہوتی ہیں۔ اول مستقل اور دوم غیر مستقل، مستقل لفظ وہ ہے جو اپنے اندر پورے معنی رکھتا ہو۔ اسم صفت ضمیر، فعل وغیرہ مستقل الفاظ ہی کی قسمیں ہیں۔

غیر مستقل لفظ وہ ہے جو اپنے اندر پورے معنی نہ رکھتا ہو مگر دو یا زیادہ مستقل الفاظ کے بیچ میں رابطہ کا کام کرتا ہو۔ حرف جار حرف عطف وغیرہ مستقل لفظ ہیں۔

نحو: نحو وہ علم ہے جس سے الفاظ کی حقیقت اور جملوں میں ان کی ترتیب اور موقع محل کے لحاظ سے ان کے مفہوم کی جانکاری ہوتی ہے۔ اس علم سے الفاظ کا صحیح استعمال اور جملوں میں ان کی درست بندش پر قدرت حاصل ہو جاتی ہے۔

لغت: لغت وہ علم ہے جس سے الفاظ کے معنی ان کی صحیح ادائیگی اور استعمال کے طریقے معلوم ہوتے ہیں۔ لغت کی کتابوں میں یہ بھی لکھا جاتا ہے کہ فلاں لفظ کس زبان کا ہے' اردو میں کس طرح استعمال ہوتا ہے اور مختلف موقعوں پر کیا کیا معنی دیتا ہے۔

فصاحت: صرف ونحو اور لغت کے علوم مل کر علم فصاحت کہلاتے ہیں۔ فصاحت کی

تعریف یہ ہے کہ جملوں میں معانی ہو۔ الفاظ میں تنافر نہ ہو اور جملوں کی ساخت قواعد کے عین مطابق ہو۔ جیسے

کھا کھا کے اوس اور بھی سبزہ ہرا ہوا
تھا موتیوں سے دامنِ صحرا بھرا ہوا

میر انیس کے اس شعر میں فصاحت کی وہ تمام خوبیاں موجود ہیں جن کا ذکر اوپر کیا گیا ہے۔

معانی: معانی وہ علم ہے جس سے گفتگو کرنے والے کے دل کی بات صحیح طریقے اور مناسب طور سے معلوم ہو جائے۔

بیان: بیان وہ علم ہے جس میں ایک بات کو مختلف طور سے کہنے کا طریقہ آجائے اور اس طرح کلام میں زور اور حسن پیدا ہو جائے۔ مثلاً کسی بہادر شخص کے لیے یہ کہنا کہ وہ بڑا بہادر یا بڑا جی دار ہے' معمولی بات ہے۔ مگر اس کو اس طرح کہنا کہ فلاں شخص رستم کی طرح بہادر اور شیر کی طرح طاقتور ہے یا فلاں شخص کو دیکھ کر بڑے بڑے بہادروں کا پسینہ چھوٹ جاتا ہے۔ یہ حسن بیان ہے۔

بدیع: بدیع وہ علم ہے جس سے کلام کے محاسن کا ادراک ہوتا ہے۔ اس کی بہت سی قسمیں ہیں۔
معانی بیان اور بدیع مل کر بلاغت کہلاتے ہیں۔ مجموعی طور سے بلاغت کے معنی یہ ہیں کہ کلام میں فصاحت کے ساتھ ساتھ معنی میں صورت اور موقع کے لحاظ سے زور' وزن اور حسن ہو۔ مثلاً رنج وغم کے موقع پر گداز اور پر تاثیر الفاظ بولے جائیں۔ کسی سے کوئی درخواست کرنی ہو تو عاجزانہ اور انکسارانہ الفاظ کا استعمال کیا جائے۔

فصاحت اور بلاغت کا فرق: موٹے طور سے اسے یوں سمجھا جا سکتا ہے کہ فصاحت کا تعلق الفاظ اور جملوں کی ساخت سے ہے اور بلاغت کا تعلق معنی اور مطالب سے ہے۔ گویا فصاحت'

کلام کا جسم اور بلاغت اس کی روح ہے۔ کسی کلام میں فصاحت کے بغیر بلاغت کا ہونا ممکن نہیں ہے۔ کیونکہ روح بغیر جسم کے اپنا وجود نہیں منوا سکتی۔ ہاں یہ ضرور ممکن ہے کہ کسی کلام میں فصاحت تو موجود ہو مگر معانی میں مناسبت اور گہرائی نہ ہو۔ یعنی بلاغت نہ ہو۔ بلاغت ''کل'' کی حیثیت رکھتی ہے اور فصاحت ''جزو'' کی۔

مرکب اضافی: مرکب جملہ جب مضاف اور مضاف الیہ سے بن کر ملتا ہے تو مرکب اضافی کہلاتا ہے' جیسے:

موہن کا بھائی آیا ہے---اس میں موہن 'مضاف' بھائی 'مضاف الیہ' اور کا اضافت ہے اور موہن کا بھائی مرکب اضافی ہے۔

مرکب توصیفی: جب صفت اور موصوف جملے میں موجود ہوں تو ان کا مرکب' مرکب توصیفی کہلاتا ہے' جیسے

زلف سیاہ تاب کا یہ رنگ الاماں
جیسے شب فراق کی ظلمت لیے ہوئے

اس میں زلف کی صفت سیاہ ہونا ثابت ہے۔

علم بیان

علم بیان کے بارے میں ابھی بتایا جاچکا ہے کہ اس میں بات کو مختلف طریقہ سے کہنے اور اس طرح کلام میں زور، وزن اور حسن پیدا کرنے کا فن آجاتا ہے۔ جیسے کسی شخص کو یہ نہ کہہ کر کہ وہ بہت حسین ہے، یہ کہیں کہ ''وہ چاند کا ٹکڑا ہے'' تو یہ علم بیان ہے۔ یہاں ''چاند کا ٹکڑا'' حقیقی معنوں میں استعمال نہیں کیا گیا ہے بلکہ اس کا مجازی معنی 'حسن' مراد ہے۔

مجاز: جب کوئی لفظ اپنے اصلی معنوں میں استعمال نہ ہوکر اصطلاحی معنوں میں استعمال ہوتا ہے تو اسے مجاز کہتے ہیں۔

مجاز کی بھی دو قسمیں ہیں۔ کنایہ اور مجاز مطلق۔

کنایہ: جب کسی کلمے کے ایسے معنی مراد ہوں جو مجازی ہوں، مگر جو حقیقی معنوں میں بھی استعمال کیے جاسکیں تو اسے کنایہ کہتے ہیں۔

مثلاً اس نے آستین چڑھالی'' یہاں مراد یہ ہے کہ وہ لڑنے بھڑنے کے لیے تیار ہوگیا۔ مگر یہ بھی معنی ہوسکتے ہیں کہ اس نے واقعتاً آستین کو پلٹ کر اوپر چڑھالیا ہو۔ یہ کنایہ ہے۔

کنایہ اور مجاز میں فرق: مجاز میں لفظ کا صرف ایک معنی لیا جاتا ہے، کنایہ میں لفظ کے حقیقی اور مجازی دونوں معنی لیے جاتے ہیں۔

مجاز مطلق: جب کسی کلمہ کے صرف مجازی معنی مراد لیے جائیں۔ اگر حقیقی معنوں کی طرف لیں تو کلام بے معنی ہوجائے گا۔ جیسے زید اپنے وقت کا ارسطو ہے۔ یہاں زید کی عقلمندی سے

مراد ہے۔ ظاہر ہے کہ ارسطو فوت ہو چکا ہے۔ اب اس زمانہ میں کیسے موجود رہ سکتا ہے۔ یہ مجاز مطلق ہے۔

مجاز مطلق کی دو قسمیں ہیں۔ استعارہ اور مجاز مرسل

استعارہ: اگر اصلی معنی میں اور مجازی معنی میں تشبیہ کا تعلق، مگر حرف تشبیہ اور مشبہ بہ موجود نہ ہو تو استعارہ ہے۔ جیسے:

ابن مریم ہوا کرے کوئی　　میرے دکھ کی دوا کرے کوئی

یہاں ابن مریم، یعنی عیسیٰ مسیح استعارہ ہے کسی محبوب کی طرف، جس کے ہاتھ میں عاشق کی شفا ہے۔

استعارہ کی دو قسمیں ہیں۔ استعارہ تصریحیہ، اور استعارہ بالکنایہ۔

استعارہ تصریحیہ: استعارہ تصریحیہ وہ استعارہ ہے جس میں مستعار منہ (مشبہ بہ) ظاہر ہو اور اس کی تصریح موجود ہو، جیسے:

گزری بہار عمر خلیق اب کہیں گے سب　　باغ جہاں سے بلبل ہندوستاں گیا

اس شعر میں خلیق نے خود کو بلبل ہندوستان سے استعارہ کیا ہے اور اس کی تصریح شعر میں موجود ہے۔ پس یہ استعارہ تصریحیہ ہے۔

استعارہ بالکنایہ: استعارہ بالکنایہ استعارہ ہے جس میں مستعار منہ نمایاں نہ ہو بلکہ اس کے لوازمات بیان کر کے اس کی طرف کنایہ کیا گیا ہو جیسے:

جوش گل چاک قفس سے دم بدم دیکھا کیے
سب نے یاں لوٹیں بہاریں اور ہم دیکھا کیے

یہاں اسیر ہونے کا ذکر نہیں ہے۔مگر چاک قفس سے جوش گل کو دیکھنے کا اشارہ اسیر ہونے کی طرف ہے۔یہی استعارہ بالکنایہ ہے۔

مجاز مرسل: اگر اصلی معنی میں اور مجازی معنی میں تعلق نہ ہو بلکہ دوسرا تعلق ہو مثلاً جزو اور کل یا ظرف ومظروف کا۔تو اسے مجاز مرسل کہتے ہیں جیسے:

آ کے حیرت نے اس کو تھام لیا   دوڑ کر بیہشی نے جام دیا

اس شعر میں حیرت کا اس کو تھامنا' حیران ہونے کے معنوں میں اور بیہشی کے جام دینے کو بے ہوش ہو جانے کے معنوں میں استعمال کیا گیا ہے اور یہ مجاز مرسل ہے۔

مری آبرو اب ترے ہاتھ ہے   مری زندگانی ترے ساتھ ہے

تیرے ہاتھ ہے یعنی قبضہ میں ہے۔زندگانی تیرے ساتھ ہے یعنی تیرے رحم وکرم پر ہے۔یہی مجاز مرسل ہے۔

حرف مطلب زبان پر آیا

یہاں حرف سے مراد پوری بات ہے گویا جزو کہہ کر کل مراد لیا ہے۔یہ مجاز مرسل ہے۔

اک جام مجھے بھی تشنہ کو نین عطا ہو

یہاں جام سے مراد بادہ کوثر سے بھرے ہوئے جام کوثر ہے' اور یہ مجاز مرسل ہے۔

استعارہ اور مجاز مرسل کا فرق:

اگر اصل معنی اور مجازی معنی میں تشبیہ کا تعلق ہو مگر حرف تشبیہ اور مشبہ موجود نہ ہو تو وہ استعارہ ہے۔

اگر اصل معنی اور مجازی معنی میں تشبیہ کا تعلق نہ ہو بلکہ کوئی دوسرا تعلق ہو۔مثلاً جزو اور کل کا

تو وہ مجاز مرسل ہے۔

تشبیہ: جب ایک چیز کو دوسری چیز کے' جو کہ اس سے اعلیٰ وارفع ہوتی ہے' مثل بیان کرتے ہیں اور دونوں چیزوں میں کوئی مشترک خصوصیت پائی جاتی ہو تو اس کو تشبیہ کہتے ہیں۔جیسے چاند سا چہرہ، یہاں چہرہ کو چاند سے تشبیہ دی گئی ہے اور دونوں کی مشترک خصوصیت خوب صورتی ہے۔یہی تشبیہ ہے۔

تشبیہ کا استعمال کلام میں وزن اور زور پیدا کرنے کے لیے لایا جاتا ہے اور یہ علم بلاغت کا خاص حصہ ہے۔شعراء نے تشبیہ میں بڑی بڑی نکتہ آفرینیاں کی ہیں۔تشبیہ کی مزید مثالیں دیکھئے۔

اس غیرت ناہید کی ہر تان ہے دیپک   شعلہ سا چمک جائے ہے آواز تو دیکھو

یہاں آواز کو شعلے سے تشبیہ دی ہے اور دونوں کی مشترک خصوصیت چمک یا لپک ہے۔

نازکی اس کے لب کی کیا کہئے   پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

یہاں لب کو گلاب کی ''پنکھڑی'' سے تشبیہ دی گئی ہے اور دونوں کی مشترک خصوصیت تازگی ہے۔

اک برق سر طور ہے لہرائی ہوئی سی   دیکھوں ترے ہونٹوں پہ ہنسی آئی ہوئی سی

یہاں ہونٹوں پہ ہنسی آنے کی کیفیت کو طور پر برق کے لہرانے سے تشبیہ دی گئی ہے۔روشنی اور تابناکی دونوں میں مشترک ہے۔

تشبیہ کے چار رکن ہوتے ہیں۔

۱۔مشبہ: جس کو تشبیہ دی جائے وہ مشبہ ہے۔

۲۔مشبہ بہ: جس چیز سے تشبیہ دی جائے وہ مشبہ بہ ہے۔

۳-وجہ مشبہ: مشبہ اور مشبہ بہ میں جو خصوصیت مشترک ہوتی ہے۔ اسکو وجہ مشبہ کہتے ہیں۔

۴-حرف تشبیہ: حرف تشبیہ وہ حرف ہے جس سے دونوں چیزوں یعنی مشبہ اور مشبہ بہ کی یکسانیت ظاہر کی جائے۔

مثال: ”چاند سا چہرہ“۔

اس فقرہ میں چہرہ مشبہ ہے۔ چاند مشبہ بہ ہے' خوبصورتی وجہ تشبیہ اور ”سا“ حرف تشبیہ ہے

مثال: شعلہ سا چمک جائے ہے آواز تو دیکھو

اس میں آواز مشبہ ہے۔ شعلہ مشبہ بہ ہے۔ چمکنا وجہ تشبیہ ہے۔ مگر حرف تشبیہ اس مصرع میں ظاہر نہیں ہے۔

تشبیہ دو طرح کی ہوتی ہے۔ تشبیہ مفرد' تشبیہ مرکب۔

تشبیہ مفرد: جب ایک واحد چیز کو دوسری واحد چیز سے تشبیہ دیتے ہیں تو وہ تشبیہ مفرد ہے۔

تشبیہ مرکب: جب کئی چیزوں یا ایک پوری کیفیت کو کسی دوسری کیفیت سے تشبیہ دیتے ہیں تو یہ تشبیہ مرکب ہے۔ جیسے:

ہوا پہ دوڑتا ہے اس طرح سے ابر سیہ کہ جیسے جائے کوئی فیل مست بے زنجیر

اس شعر میں ابر سیاہ کے ہوا پر دوڑنے کو فیل مست بے زنجیر سے تشبیہ دی ہے اور وجہ مشبہ کسی بھاری بھرکم سیاہ چیز کی مستی میں دوڑنے کی کیفیت ہے۔ یہ تشبیہ مرکب ہے۔

تشبیہ اور استعارہ کا فرق:

تشبیہ میں دو الگ الگ چیزوں کو الگ ہی الگ مانتے ہیں۔ مگر ایک چیز کی بڑائی یا برتری ظاہر کرنے کے لئے' اس کو دوسری چیز کے مثل کہہ دیتے ہیں تاکہ اس کی خوبی اور زیادہ بڑھ جائے۔

استعارہ میں یہ صورت نہیں ہوتی۔ بلکہ اس میں ایک چیز کو عین دوسری چیز سمجھ لیتے ہیں' اگر چہ دونوں کا تعلق اس میں تشبیہ کا ہی ہوتا ہے۔ دوسرے الفاظ میں استعارہ وہ ہے جس میں مشبہ کو عین مشبہ بہ مان لیتے ہیں۔

تشبیہ میں حرف تشبیہ موجود ہوتا ہے اور اگر محذوف بھی ہوتا ہے تو بھی پڑھنے والے کی سمجھ میں فوراً آ جاتا ہے اور وہ اپنی طرف سے مشبہ اور مشبہ بہ کے بیچ میں حرف تشبیہ لاکر بول سکتا ہے۔

مگر استعارہ میں حرف تشبیہ نہ ظاہر ہوتا ہے نہ محذوف ہوتا ہے' بلکہ ہوتا ہی نہیں اور نہ اس کو اپنی طرف سے فرض کیا جا سکتا ہے۔

تشبیہ کے رکن چار ہوتے ہیں۔ مشبہ، مشبہ بہ، وجہ مشبہ اور حرف تشبیہ۔ اور استعارہ میں یہ چار رکن مستعار منہ (بجائے مشبہ) یا مستعار منہ (بجائے مشبہ بہ) حرف جامع (وجہ مشبہ) اور مستعار ہیں۔

استعارہ میں چونکہ حرف تشبیہ نہیں ہوتا' اسی لئے مجازی معنی ادا کرنے والے کو مستعار کہتے ہیں۔ مثلاً

کیونکر اس بت سے رکھوں جان عزیز
کیا نہیں ہے مجھے ایمان عزیز

اس شعر میں 'بت' محبوب کے معنوں میں استعمال ہوا ہے' اس لئے بت یہاں مستعار منہ ہے' محبوب مستعار لہٗ ہے۔ محبوب کی بے پروائی حرف جامع ہے۔ اور بت کا الفاظ چونکہ حقیقی کے بجائے مجازی معنوں میں استعمال ہوا ہے اسی لئے یہ مستعار لہٗ ہے۔

تشبیہ قریب: وہ تشبیہ ہے، جس میں وجہ شبہ آسانی سے ہر شخص معلوم کر سکے۔ یعنی جس تشبیہ

میں عمومیت ہو وہ تشبیہ قریب ہے اس کو تشبیہ مبتذل بھی کہتے ہیں جیسے:

یاں لعل لب یار نے باتوں میں لگایا   دے پیچ ادھر زلف اڑا لے گئی دل کو

یہاں لب یار کو لعل سے تشبیہ دی گئی ہے جو بہت عام ہے۔ وجہ شبہ لب اور لعل دونوں سرخ ہوتے ہیں جو ہر شخص جانتا ہے اس لئے یہ تشبیہ قریب ہے۔

دیکھی جو نہیں زلف سیہ فام کی صورت
دن تیرہ مری آنکھوں میں ہے شام کی صورت

اس شعر میں زلف سیہ فام کو شام کے وقت سے تشبیہ دی گئی ہے اور وجہ شبہ سیاہی ہے۔ جو عمومی ہے اسی لئے یہ تشبیہ قریب ہے۔

تشبیہ بعید: وہ تشبیہ جس میں عمومیت نہ ہو بلکہ وجہ شبہ ذرا غور کے بعد معلوم ہو۔ اس کو تشبیہ غریب بھی کہتے ہیں اور یہ شاعری کا حسن ہے۔ شعراء کوشش کر کے تشبیہ میں ندرت پیدا کرتے ہیں اس سے کلام میں زور اور حسن پیدا ہوتا ہے۔ مثال کے لیے یہ اشعار دیکھئے۔

تشبیہ رگ گل سے انھیں دوں تو ہے زیبا
ڈورے ہیں تری آنکھ کے اے سرو چمن سرخ

یہاں آنکھ نہیں ڈوروں کو رگ گل سے تشبیہ دینے میں ندرت ہے۔ وجہ شبہ باریکی، خوشنمائی اور سرخی ہے۔

کبھی جو قامت زیبا پہ سج گئی ہے قبا
چمن میں سرو صنوبر سنور گئے ہیں قدم

یہاں قامت زیبا پر قبا کے سجنے کو چمن میں سرو اور صنوبر کے سنورنے سے تشبیہ دی ہے۔

وجہ شبہ بلند قامت ہونا، زیبائی اور رعنائی ہے۔ تشبیہ میں ندرت ہے جس سے شعر بہت خوبصورت ہو گیا ہے۔

ترے سرو قامت سے اک قد آدم
قیامت کے فتنے کو کم جانتے ہیں

یہاں سرو قامت کو قیامت کے فتنے سے تشبیہ دی گئی ہے۔ وجہ شبہ شوخی، طراری اور فتنہ گری ہے۔ یہ تشبیہ بعید ہے۔

صنائع و بدائع

شعراء کے کلام میں جو لفظی اور معنوی خوبیاں ہوتی ہیں ان کو صنائع و بدائع کہتے ہیں۔ صنائع و بدائع کا کلام میں موجود ہونا کچھ لازمی نہیں۔ مگر ان کے ہونے سے شعر کا حسن بڑھ جاتا ہے۔ قدیم شاعر کوشش کر کے اپنے اشعار میں کوئی نہ کوئی صنعت لاتے تھے۔ یہ گویا ان کے کمال فکر کی دلیل تھی۔ مگر فی زمانہ صنائع و بدائع سے کلام کو سجانا وقت ضائع کرنا سمجھا جاتا ہے۔ اس لئے اب اس کی کوئی قدر نہیں رہ گئی۔

صنعتیں دو قسم کی ہوتی ہیں۔ ۱۔صنائع لفظی ۲۔صنائع معنوی

صنائع لفظی: جب کلام میں ایسی خوبیاں پیدا کی جائیں جن کا تعلق صرف الفاظ سے ہو تو اس کو صنائع لفظی کہتے ہیں۔

صنائع معنوی: جب کلام میں معنوی حسن پیدا کیا جائے تو اسے صنائع معنوی کہتے ہیں۔ صنائع لفظی اور معنوی کی بہت سی قسمیں ہیں۔ یہاں پر خاص صنعتوں کا ذکر کیا جاتا ہے۔

اقسام صنائع لفظی

۱۔صنعت تجنیس: کلام میں ایسے دولفظ جمع کرنا جو لکھنے اور بولنے میں یکساں ہوں' مگران کے معنی الگ الگ ہوں مثلاً

تمہاری مانگ ہی دل مانگ لے گی — یہ چوٹی کس لئے پیچھے پڑی ہے

یہاں پہلا لفظ مانگ بالوں میں نکلنے والی مانگ ہے اور دوسرا لفظ مانگ کسی سے کوئی چیز مانگنے کے معنوں میں استعمال ہوا ہے۔دونوں مانگ لکھنے اور بولنے میں یکساں ہیں۔مگر مفہوم دونوں کا جدا ہے۔یہی صنعت تجنیس ہے۔صنعت تجنیس کی دس قسمیں ہیں۔یہاں صرف چند خاص قسموں کو ہی بیان کیا جاتا ہے:

(الف) تجنیس تام: جب کلام میں دوالفاظ ہر اعتبار سے یعنی صورت اور حروف کے اعتبار سے یکساں ہوں تو یہ تجنیس تام ہے۔اس کی بھی دو قسمیں ہیں یعنی:

۱۔تجنیس تام مماثل: اگر دونوں الفاظ ایک ہی زمرے کے ہوں یعنی دونوں اسم ہوں یا دونوں فعل ہوں' تو یہ صنعت تجنیس مماثل ہے جیسے: شانہ،معنی کندھا اور شانہ بمعنی کنگھی۔مثلاً:

ماہ گہنے کے لئے ہے نہ کہ گہنے کے لئے
تیرے کنٹھوں کا کہوں کیا اسے زیبا گوہر

اس شعر میں پہلا لفظ گہنے کے معنی گہن میں آنے کے لئے ہے نہ کہ گہنے یعنی زیور پہننے کے لئے ہے۔دونوں گہنے اسم ہیں اور یہ صنعت تجنیس مماثل ہے۔

۲۔تجنیس تام مستوفی: جب دونوں یکساں لفظ ایک ہی زمرے کے نہ ہوں۔یعنی ایک

اسم ہوتو دوسرا فعل یا حرف ہو جیسے:

یک بیک گھبرا کے وہ اٹھا پکار — مار تیرے ہاتھ میں ہے اس کو مار

یہاں دوسرے مصرعہ میں پہلا لفظ مار سانپ کے لئے استعمال ہوا ہے۔جو اسم ہے اور دوسرا لفظ مار فعل ہے جو مارنے کے معنوں میں استعمال ہوا ہے۔پس یہ صنعت تجنیس مستوفی ہے۔

(ب) تجنیس مرکب: جب کلام میں دولفظ یکساں ہوں مگر ان میں ایک مفرد ہو اور دوسرا مرکب ہو جیسے سُرخاب (بمعنی پرندہ) اور سرخ آب بمعنی لال رنگ کا پانی

کہا جی نے مجھے یہ ہجر کی رات — یقیں ہے صبح تک دے گی نہ جینے

اس شعر میں ''کہا جی نے'' کا مطلب ہے' میرے دل نے کہا یا مرے جی نے کہا ہے اس میں جی اور نے دولفظ ہیں اور یہ مرکب ہے جب کہ دوسرے مصرعہ میں ''جینے'' ایک لفظ ہے جس کے معنی زندگی کرنے کے ہیں۔یہ تجنیس مرکب ہے۔

(ج) تجنیس محرف: جب کلام میں دوالفاظ ایسے جمع کیے جائیں جو لکھنے میں یکساں ہوں مگر ان کی حرکات یعنی زیر وزبر یا پیش میں فرق ہو تو اس کو تجنیس محرف کہتے ہیں۔جیسے شیر اور شِیر' دُر اور دَر' مُلک اور مَلک' مِس اور مَس'

گلے سے لگتے ہی جتنے گلے تھے بھول گئے — وگرنہ یاد تھیں ہم کو شکایتیں کیا کیا

اس شعر میں گلے یعنی گردن اور گلے یعنی شکایتیں لکھنے میں یکساں ہیں صرف زیر زبر کا فرق ہے۔پس یہ تجنیس محرف ہے۔

(د) تجنیس زائد: جب کلام میں ایسے دولفظ آئیں جن میں ایک حرف کا فرق ہے' خواہ یہ حرف شروع میں ہو یا آخر میں یا بیچ میں تو اس کو تجنیس زائد کہتے ہیں۔جیسے بات اور نبات، در اور درد' رنج

اور ترنج' جام اور جم۔

سلطنت پر نہیں ہے یہ موقوف   جس کے ہاتھ آئے جام سو جم ہے

اس شعر میں جام اور جم میں صرف ایک حرف کا فرق ہے اور یہ تجنیس زائد ہے۔

(س) تجنیس لاحق: جب کلام میں ایسے دو الفاظ آئیں جو بولنے میں ایک جیسے ہوں مگر ان کی لکھاوٹ میں صرف ایک حرف کا فرق ہو تو اس کو تجنیس لاحق کہتے ہیں۔ جیسے تاک اور ناک' تنگی اور ننگی وغیرہ۔

۲۔صنعت ترصیع: جب کلام میں دونوں مصرعوں کے الفاظ ہم وزن ہوں تو اسے صنعت ترصیع کہتے ہیں۔جیسے:

تیرا اندازِ سخن شانہ زلف الہام   تیری رفتارِ قلم جنبشِ بالِ جبریل

یہاں پر پہلے مصرعہ کا ہر لفظ دوسرے مصرعہ کا ہر لفظ کے وزن کے برابر ہے۔اس لئے یہ صنعت ترصیع ہے۔

۳۔صنعت اشتقاق: کسی شعر میں کئی ایک ایسے الفاظ جمع کر دینا جو ایک ہی مصدر یا مادے سے نکلے ہیں' صنعت اشتقاق ہے۔جیسے:

اسے میں چھپ کے دیکھوں پر ملا وہ غیر کو دیکھے
بھلا یوں دیکھنا دیکھو تو دیکھا جائے ہے کس سے

اس شعر میں دیکھنا مصدر سے دیکھوں ، دیکھے ، دیکھنا ، دیکھا دیکھو پانچ لفظ بنے ہیں یہ صنعت اشتقاق ہے۔

۴۔صنعت قلب: ایسے الفاظ لانا جن کے حروف تو یکساں ہوں مگر حرفوں کی ترتیب میں الٹ

پھیر ہو جیسے: مار اور رام، مس اور سم، نامی اور مانی، ناک اور کان وغیرہ۔

رات بھر مجھ کو غم یار نے سونے نہ دیا   صبح کو خوف شب تار نے سونے نہ دیا

یہاں رات اور تار کے حروف یکساں ہیں مگر ترتیب بدلی ہوئی ہے یہی صنعت قلب ہے۔

۵۔صنعت ردّ العجز علی الصدر:

کسی شعر میں ایک لفظ شروع یا بیچ میں آیا ہو اور ویسا ہی لفظ یا اس سے ملتا جلتا کوئی لفظ دوبارہ پھر آ جائے تو یہ صنعت رد العجز علی الصدر ہے جیسے:

بال کھولے کیا تماشا کر گیا   ہو گیا عشاق پر جینا وبال

یہاں بال اور وبال کی تکرار ہے۔

لنگور کو شاعر تو باندھے گا غزل میں   کس واسطے باندھے کوئی لنگور کی گردن

یہاں دونوں مصرعوں میں لنگور کی تکرار ہے۔یہی صنعت رد العجز علی الصدر ہے۔

۶۔صنعت تاریخ: ایسا مصرعہ یا شعر کہنا جس کے حروف کو اعداد جمل کے حساب سے جوڑیں تو کسی واقعہ کی تاریخ نکل آئے۔عہد قدیم سے شعراء واقعات کی تاریخ کہتے آئے ہیں اور بعض لوگوں نے تاریخ گوئی میں خصوصاً نام پیدا کیا ہے۔مثلاً مومن کو تاریخ کہنے میں بڑا ملکہ تھا۔شاہ عبدالعزیز کی وفات پر تاریخ کہی۔

دست بیداد اجل سے بے سر و پا ہو گئے
فقر دیں، فضل وہنر لطف و کرم علم و عمل

دوسرے مصرعے میں سر اور پیر یعنی اول اور آخر کے الفاظ فقر اور عمل کو نکال کر باقی الفاظ کے اعداد جوڑنے سے تاریخ ۱۲۳۹ھ نکلتا ہے یہی صنعت تاریخ ہے۔

اقسام صنائع معنوی

۱۔صنعت ایہام: لفظ ایہام کے معنی وہم میں ڈالنے کے ہیں۔لہذا صنعت ایہام سے مراد یہ ہے کہ کلام میں ایسا لفظ لایا جائے جس کے دو معنی نکلتے ہوں۔ایک قریب کے معنی اور دوسرے دور کے معنی۔مگر شاعری کی مراد دور کے معنی سے ہو۔اگر چہ بظاہر شعر سے قریبی معنی کی طرف اشارہ ملتا ہو۔مگر ذرا غور کرنے سے معلوم ہو جائے شاعر کی مراد معنی بعید سے ہے جیسے:

عالم ہوں علم عشق کا میں کرنہ ہمسری   اے عندلیب تو ہے پڑھی بوستاں تلک

یہاں لفظ بوستاں کے دو معنی ہیں۔ایک تو باغ دوسرے شیخ سعدی کی مشہور تصنیف "بوستاں"۔

مت پوچھ کہ کیا حال ہے مرا تیرے پیچھے
تو دیکھ کہ کیا رنگ ہے تیرا مرے آگے

یہاں رنگ کے معنی حال کے بھی ہیں جس کا ذکر پہلے مصرعہ میں ہے اور رنگ اپنے اعلیٰ معنوں میں بھی استعمال ہوا ہے۔یہی صنعت ایہام ہے۔

۲۔صنعت مراعاۃ النظیر: اس صنعت کو کہتے ہیں کہ کلام میں ایسے الفاظ جمع کئے جائیں جو ایک دوسرے سے مناسبت رکھتے ہوں مگر یہ نسبت تضاد یا تقابل کی نہ ہو۔اس کو ضلع جگت بھی کہتے ہیں۔

رو میں ہے رخش عمر کہاں دیکھئے تھمے
نے ہاتھ باگ پر ہے نہ پا ہے رکاب میں

اس شعر میں رخش وعمر (رخش بمعنی گھوڑا) کی مناسبت سے باگ اور رکاب کا استعمال ہوا

ہے۔یہی صنعت مراعاۃ النظیر ہے۔

پیوں شراب اگر خم بھی دیکھ لوں دو چار
یہ شیشہ و قدح و کوزۂ و سبو کیا ہے

اس شعر میں شراب کی مناسبت سے خم، شیشہ، قدح، کوزہ، سبو سب اکٹھا کر دئے گئے ہیں۔یہ صنعت مراعاۃ النظیر ہے۔

۳۔صنعت طباق یا صنعت تضاد:

صنعت طباق یہ ہے کہ کلام میں دو الفاظ جو ایک دوسرے کی ضد ہوں، جمع کر دئے جائیں۔اس کو صنعت تضاد بھی کہتے ہیں۔جیسے:

ہوس کو ہے نشاط کار کیا کیا
نہ ہو مرنا تو جینے کا مزہ کیا

اس شعر میں مرنا اور جینا ایک دوسرے کی ضد ہیں اس لئے یہ صنعت طباق ہے۔

گاہ مرتا ہوں گاہ جیتا ہوں
آنا جانا ترا قیامت ہے

اس شعر میں مرنا جینا اور آنا جانا ایک دوسرے کے مخالف یا متضاد الفاظ ہیں۔یہی صنعت طباق ہے۔صنعت طباق کی دو قسمیں ہیں:

(۱) صنعت طباق سلبی   (۲) صنعت طباق ایجابی

صنعت طباق سلبی: طباق سلبی یہ ہے کہ دونوں الفاظ ایک ہی مصدر سے لئے گئے ہوں مگر حرف نفی لگا کر ان کو ایک دوسرے کا متضاد کر دیا ہو۔جیسے ہونا اور نہ ہونا۔مرنا اور نہ مرنا، ہوش اور بے ہوشی

ہونا جہاں کا اپنی آنکھوں میں ہے نمونا
آتا نہیں کچھ، جادے نظر جہاں تک

اس شعر میں ہونا اور نہ ہونا ایک دوسرے کے متضاد ہیں، اس لئے یہ طباق سلبی ہے۔

طباق ایجابی: جب دو لفظ ایک دوسرے کے مخالف ہوں مگر ایک ہی مصدر سے مشتق ہوں جیسے:

آیا اور گیا، مرنا اور جینا، چڑھنا اور اترنا۔

کردیا ضعف نے عاجز غالب   ننگ پیری ہے جوانی میری

یہاں پیری اور جوانی ایک دوسرے کے متضاد ہیں مگر الگ الگ الفاظ ہیں۔ یہی صنعت طباق ایجابی ہے۔

۴۔لف ونشر مرتب: لف ونشر مرتب یہ ہے کہ کلام میں پہلے چند چیزیں بیان کی جائیں پھر انھیں کی مناسبت سے بالترتیب چند دوسری چیزوں کا بیان ہو۔

ترے رخسار و قد و چشم کے ہیں عاشق زار

گُل جُدا، سَرو جُدا، نرگس جدا، نرگسِ بیمار جدا

اس شعر میں رخسار اور قد اور چشم کے لئے بالترتیب گل، سرو اور نرگس کے الفاظ لائے گئے ہیں۔ یہی لف ونشر مرتب ہے۔

آتش و آب و باد و خاک نے لی

وضع سوز و نم و رم و آرام

اس شعر میں آتش، باد اور خاک کی مناسبت سے اسی ترتیب سے سوز، نم، رم اور آرام کے الفاظ آئے ہیں یہ لف ونشر مرتب ہے۔

لف ونشر غیر مرتب: اس میں مناسبت کا بیان ترتیب سے نہیں ہوتا۔ یعنی پہلے جن چیزوں کا بیان ہوتا ہے انھیں کی مناسبت سے الفاظ لائے تو جاتے ہیں مگر ان میں ترتیب نہیں ہوتی

بلکہ یہ آگے پیچھے ہوتے ہیں جیسے:

کبھی جو زلف اٹھا دے تو منھ نظر آوے

اسی امید پہ گزری ہے صبح و شام ہمیں

اس شعر میں زلف اور منھ کی مناسبت سے صبح وشام کے الفاظ موجود ہیں۔ مگر زلف اور منھ کی ترتیب سے نہیں ہیں۔ اس لئے یہ لف ونشر غیر مرتب ہے۔

لف ونشر مرتب اور غیر مرتب کا فرق:

لف ونشر مرتب میں کلام میں پہلے چند چیزیں بیان کی جاتی ہیں پھر انھیں کی مناسبت سے بالترتیب چند دوسری چیزوں کا بیان آتا ہے لف ونشر غیر مرتب میں مناسبت کا بیان ترتیب سے نہیں ہوتا بلکہ الفاظ آگے پیچھے ہوتے ہیں۔

۶۔صنعت مبالغہ: کسی شخص یا شے کی تعریف یا برائی کو اتنا بڑھا چڑھا کر بیان کرنا کہ سننے والے کو یہ محسوس ہو کہ اب مبالغہ کا کوئی پہلو باقی نہیں رہ گیا ہے، صنعت مبالغہ ہے، جیسے:

رویا غم حسین میں یارو میں اس قدر

چوتھے فلک پہ آئے ہے پانی کمر کمر

اس شعر میں غم حسین میں اشک بہانے کی کیفیت کو اتنا بڑھا چڑھا کر بیان کیا گیا ہے کہ رونے سے اتنے آنسو بہے کہ زمین سے لے کر چوتھے فلک تک پانی کمر کمر تک پہونچ گیا۔ یہ مبالغہ ہے شاعروں نے مبالغے میں اپنی پرواز تخیل کے بڑے جوہر دکھائے ہیں۔ خصوصاً قصیدے میں ممدوح کی تعریف وتوصیف میں زمین آسمان کے قلابے ملادیے ہیں۔ بادشاہ کے گھوڑوں کی برق رفتاری کی تعریف میں مبالغے کی حد ختم کردی ہے۔ صنعت مبالغہ کی باعتبار عقل و عادت تین قسمیں

مقرر کی گئی ہیں۔یعنی تبلیغ ،اغراق اور غلو۔

۱۔صنعت تبلیغ: صنعت تبلیغ یہ ہے کہ مبالغہ تو کیا جائے مگر اس حد تک کہ وہ عقل و عادت کے نزدیک ممکن معلوم ہو۔یہ گویا مبالغے کی ہلکی قسم ہے۔جیسے:

کرنے گئے تھے اس سے تغافل کا ہم گلہ
کی ایک ہی نگاہ کہ بس خاک ہوگئے

محبوب کی ایک ہی نظر میں خاک ہو جانا مشکل تو ضرور ہے مگر ناممکن نہیں ہے۔یہ صنعت تبلیغ ہے۔

۲۔صنعت اغراق: یہ مبالغے کی وہ قسم ہے کہ کسی بات کو اتنا بڑھا کر بیان کیا جائے کہ وہ سمجھ میں تو آسکے مگر عادت اور فطرت کے لحاظ سے محال ہو۔جیسے:

گرگ نے دور عدل میں اس کے
سیکھ لی رسم و راہ چوپائی

ممدوح یا بادشاہ کے عدل کی تعریف یہ ہے کہ اس کے عہد میں گرگ یعنی بھیڑیے نے گلّے کی نگہبانی کا کام سیکھ لیا ہے۔یہ بات عقل میں تو آتی ہے مگر فطرتاً محال ہے۔یہی اغراق ہے۔

سبزۂ و گل کو دیکھنے کے لئے
چشم نرگس کو دی ہے بینائی

نرگس ایک پھول ہے۔جس کی بناوٹ آنکھوں سے مشابہ ہوتی ہے۔یہاں شاعر نے نرگس کی آنکھوں میں بینائی آجانے کا ذکر کیا ہے۔یہ مبالغہ بھی اگر چہ سمجھ میں آتا ہے مگر فطرتاً ناممکن ہے۔یہ صنعت اغراق ہے۔

۳۔صنعت غلو: صنعت غلو یہ ہے کہ جس بات کا دعویٰ کیا جائے وہ نہ عقل میں آسکے نہ فطرتاً ممکن ہو سکے اور ہر لحاظ سے ناممکن اور محال ہو۔مگر یہ صنعت شاعروں میں زیادہ مقبول ہے اور ایسی دور کی کوڑی لاتے ہیں جس کا کوئی حد و حساب نہیں۔جیسے گھوڑے کی تیز رفتاری کے بارے میں یہ شعر

سمجھ کر مو قلم کو تازیانہ صاف اڑ جائے
مرقعے میں اسے کھینچے اگر بہزاد یا مانی

مطلب یہ ہے کہ اگر بہزاد یا مانی (مشہور مصوروں کے نام ہیں) گھوڑے کی تصویر بنانے کے مو قلم اٹھا دیں تو وہ اس کو چابک سمجھ کر اڑ جائے اور پھر اس کا پتہ نہ ملے۔

جو "چ" نکلے زباں سے چین میں تو "ل" لندن میں
سوار اس سے ذرا کہہ کر تو دیکھے اس کی جولانی

یعنی سوار اگر گھوڑے سے چل کہے تو چل کی "چ" تو منہ سے چین میں ادا ہو اور "ل" نکلتے نکلتے وہ لندن پہونچ جائے۔یہ عادتاً اور فطرتاً محال اور ناممکن ہے۔یہ صنعت غلو ہے۔

۷۔صنعت حسن تعلیل: شعر میں کسی حالت یا واقعہ کا سبب وہ بیان کیا جائے جو اس کا اصل سبب نہ ہو بلکہ شاعر کے تخیل کی پیدا وار ہو تو اسے حسن تعلیل کہتے ہیں۔اسی کو شاعرانہ توجیہ بھی کہتے ہیں۔مثلاً

سب کہاں کچھ لالہ و گل میں نمایاں ہوگئیں
خاک میں کیا صورتیں ہوں گی کہ پنہاں ہوگئیں

اس شعر میں لالہ و گل کے کھلنے کا سبب یہ بتایا گیا ہے کہ یہ وہ حسین صورتیں ہیں جو خاک میں مل گئی تھیں۔مگر اب لالہ و گل کی صورت میں پھر نمایاں ہوگئیں۔ظاہر ہے کہ یہ صرف شاعرانہ

توجیہ ہے جس کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں۔ پس یہ صنعت حسن تعلیل ہے۔

زیر زمیں سے آتا ہے جو گل سو زر بکف

قارون نے راستہ میں لٹایا خزانہ کیا

ہر پھول کے اندر جو زرد رنگ کے ذرے ہوتے ہیں اور جس کو ''زرگل'' کہا جاتا ہے ان کے ہونے کا سبب شاعر نے یہ بیان کیا ہے کہ قارون جو زمین میں مع اپنے خزانہ کے دھنس گیا تھا، معلوم ہوتا ہے کہ اس نے اپنا خزانہ زیر زمین لٹا دیا ہے اس لئے ہر گل اپنے دامن میں زرگل لے کر آتا ہے۔ یہ صنعت حسن تعلیل ہے۔

۸۔حسن تلمیح: جب شعر میں کسی مشہور تاریخی واقعہ کی طرف اشارہ ہوتا ہے اور شاعر اس سے فائدہ اٹھا کر کوئی بات کہتا ہے تو یہ صنعت تلمیح ہے۔ تلمیح کے لئے ضروری ہے کہ واقعہ بہت مشہور ہو، جس کی طرف اشارہ ہوتا کہ ہر پڑھا لکھا آدمی فوراً سمجھ لے۔ ورنہ شعر میں لطف باقی نہ رہے گا۔ تلمیح کی مثال یہ ہے:

یوسف اس کو کہوں اور کچھ نہ کہے خیر ہوئی

گر بگڑ جائے تو میں لائق تعزیر بھی تھا

یہاں یوسف اور زلیخا کے مشہور قصہ کی طرف تلمیح ہے جس کا ذکر قرآن شریف میں بھی آیا ہے۔

کیا فرض ہے کہ سب کو ملے ایک سا جواب

آؤ نہ ہم بھی سیر کریں کوہ طور کی

یہاں کوہ طور کی تلمیح ہے حضرت موسیٰ کے واقعہ کی طرف، جب انھوں نے خدا کا جلوہ

دیکھنے کی فرمائش کی تھی اور کوہ طور اس کی تجلی سے جل کر خاک ہو گیا تھا۔ یہ صنعت تلمیح ہے۔

۹۔صنعت تجاہل عارفانہ: کسی چیز یا اس کی وجہ کا علم ہونے کے باوجود کلام میں ایسا انداز اختیار کرنا جس سے شاعر کی ناواقفیت کا گمان ہو، گویا دوسرے لفظوں میں جان بوجھ کر انجان بننے کو تجاہل عارفانہ کہتے ہیں۔ مثلاً

گلشن میں کس شخص کا ہے ڈھیر کہ بلبل

منقار میں لیجا کے کئی پھول دھر آئی

یہاں شاعر انجام بن کر پوچھتا ہے کہ یہ کس شخص کا ڈھیر ہے کہ جس پر بلبل پھول دھر آئی ہے حالانکہ وہ یہ جانتا ہے کہ یہ کسی عاشق کا مزار ہے۔ یہی صنعت تجاہل عارفانہ ہے۔

کون آیا ہے عیادت دل

درد کچھ آج جیسے کم کم ہے

شاعر یہاں بھی تجاہل عارفانہ سے کام لے کر پوچھتا ہے کہ یہ کون شخص ہے جو دل کی عیادت کو آیا ہے حالانکہ اسے معلوم ہے کہ یہ اس کا محبوب ہے۔ یہ صنعت تجاہل عازرفانہ ہے۔

❁❁❁

اقوال

1. فلسفہ ہمارے دائیں ہاتھ میں ہوگا، نیچرل سائنس ہمارے بائیں ہاتھ میں اور کلمہ لا الہ الا اللہ کا تاج ہمارے سر پر۔ — سرسید احمد خاں
2. ہندوستان کی الہامی کتابیں دو ہیں ایک وید مقدس دوسری دیوان غالب — عبدالرحمٰن بجنوری
3. میر امن کو اردو نثر میں وہی رتبہ حاصل ہے جو میر تقی میر کو شاعری میں حاصل ہے۔ — سرسید احمد خاں
4. نظیر اکبرآبادی اردو شاعری کے آسمان پر ایک درخشندہ ستارہ ہے — کلیم الدین احمد
5. حالی نے پرانی تنقید سے الگ ہوکر نئی تنقید کی ابتدا کی۔ شبلی نئی اور پرانی تنقید کے بیچ معلق نظر آتے ہیں۔ — کلیم الدین احمد
6. فراق گورکھپوری اردو ادب کا جانسن ہے — محمد حسن
7. حالی ماضی کے، اکبر حال کے اور اقبال مستقبل کے شاعر قرار دیئے جاسکتے ہیں۔ — رشید احمد صدیقی
8. غزل نیم وحشی صنف شاعری ہے۔ — کلیم الدین احمد
9. فراق گورکھپوری اردو شاعری کا ''آسکر وائلڈ'' ہے۔ — محمد حسن
10. ''مسدس حالی'' ایک تارہ ہے جو اردو کے افق شاعری پر طلوع ہوا — رام بابو سکسینہ
11. ''مسدس حالی'' ایک الہامی کتاب ہے۔ — رام بابو سکسینہ
12. ''اکبر کی نظر قوم کی میراث پر بھی تھی اور قوم کی تقدیر پر بھی۔ — رشید احمد صدیقی
13. ''حالی کی اہمیت تاریخی ہے شاعر کی حیثیت سے بھی اور نقاد کی حیثیت سے بھی اور یہ اہمیت ہمیشہ باقی رہے گی۔ — کلیم الدین احمد

14. محمد حسین آزاد نثر میں شاعری کرتے ہیں اور شاعری کرتے ہوئے نثر لکھتے ہیں۔ — رام بابو سکسینہ
15. بیدی! تمہاری کمزوری یہ ہے کہ تم سوچتے بہت زیادہ ہو۔ معلوم ہوتا ہے کہ لکھنے سے پہلے سوچتے ہو اور لکھنے کے بعد بھی سوچتے ہو۔ — سعادت حسن منٹو
16. قیامت کے روز خدا مجھ سے سوال کریگا کہ دنیا سے کیا لائے ہو تو میں یہی کہوں گا کہ حالی سے مسدس لکھوا کر لایا ہوں۔ — سرسید احمد خاں
17. ''مجاز انقلاب کا ڈھنڈورچی نہیں، انقلاب کا مطرب ہے''۔ — فیض احمد فیض
18. راجندر سنگھ بیدی اینٹ پر اینٹ رکھ کر افسانہ تعمیر کرتے ہیں۔ — آل احمد سرور
19. راجندر سنگھ بیدی کا افسانہ ''تراشا ہوا ہیرا'' ہے۔ — آل احمد سرور
20. میں عشق کے بارے میں سوچتا ہوں تو صرف شہوانیت ہی نظر آتی ہے۔ عورت کو شہوانیت سے الگ کرکے دیکھتا ہوں تو وہ پتھر کی مورتی رہ جاتی ہے۔ — سعادت حسن منٹو
21. جدیدیت ترقی پسندی کی توسیع ہے۔ — وحید اختر
22. راجندر سنگھ بیدی تھیم (Theme) کا بادشاہ ہے۔ — کنہیا لال کپور
23. مخدوم کی شاعری زیادہ تر ان کی سیاسی اور سماجی محسوسات کا پرتو ہے۔ — ڈاکٹر اعجاز حسین
24. یہ (علامہ اقبال) مجھکو ٹیگور اور شیکسپیئر سے کئی ہزار فٹ اونچا نظر آتا ہے۔ — خواجہ حسن نظامی
25. ایک زمانہ وہ بھی آئے گا جب لوگ غالب کی شاعری کو بھول جائیں گے تو ایسے زمانے میں ان کی نثر اور ان کے خطوط انکی عظمت کو برقرار رکھیں گے۔ — آل احمد سرور
26. فیض کسی نظریہ کا شاعر نہیں احساسات کا شاعر ہے۔ — ن م۔ راشد
27. مغلیہ حکومت نے ہمیں تین چیزیں دیں تاج محل، اردو اور مرزا غالب۔ — رشید احمد صدیقی

28. اتنی بات ہر شخص جانتا ہے کہ ہماری اردو زبان برج بھاشا سے نکلی ہے اور برج بھاشا خاص ہندوستانی زبان ہے۔ — محمد حسین آزاد

29. جنس نے سعادت حسن منٹو کے یہاں مذہب کی جگہ لے لی ہے۔ — عزیز احمد

30. اگر ویشیا کا ذکر فحش ہے تو اس کا وجود بھی فحش ہے اگر اس کا ذکر ممنوع ہے تو اس کا پیشہ بھی ممنوع ہونا چاہئے۔ ویشیا کے پیشہ کو مٹایئے اس کا وجود خود بخود مٹ جائیگا۔ — سعادت حسن منٹو

31. شبلی پہلے یونانی ہیں جو مسلمانوں میں پیدا ہوئے وہ انشاء پرداز تھے اگر انشاء پرداز نہ ہوتے تو مصور ہوتے۔ — رشید احمد صدیقی

32. اقبال کے روپ میں غالب نے دوبارہ جنم لیا ہے۔ — شیخ عبدالقادر

33. اگر مجھ سے پوچھا جائے کہ آج کے شعراء میں سب سے درخشاں مستقبل کس کا ہے تو میں تنہا فراق کا نام لوں گا۔ — نیاز فتحپوری

34. فراق جیسی چند جامع شخصیتیں روز روز نہیں پیدا ہوا کرتیں۔ — مجنوں گورکھپوری

35. غزل کی گردن بے تکلف اڑا دینی چاہئے۔ — عظمت اللہ خاں

36. شرافت پریم چند کے قلم کی جان اور روح انسانیت کی بیداری ان کے افسانوں کا عنوان ہے۔ — عبدالماجد دریا آبادی

37. جب ہم لوگوں کو بھول جائیں گے اس وقت بھی فراق کی یاد تازہ رہے گی — جگر مراد آبادی

38. فراق کی شاعری حقیقی شاعری کی بہترین مثال ہے۔ — یگانہ چنگیزی

39. غزل انتہاؤں کا ایک سلسلہ ہے (A Series of Climax) — فراق گورکھپوری

40. جو چیز ہے اسکو من وعن کیوں نہ پیش کیا جائے ٹاٹ کو اطلس کیوں بنایا جائے غلاظت کے ڈھیر عود و عنبر کے انبار میں کیوں تبدیل کیا جائے۔ حقیقت سے انحراف کیا ہمیں بہتر انسان بننے میں مدد معاون ہوسکتا ہے — سعادت حسن منٹو

41. سعدی ہمارے لئے تھا حالی ہم میں سے ہے۔ — فراق گورکھپوری

42. میں فراق کو اردو غزل کا ایک اہم ستون تسلیم کرتا ہوں۔ — کلیم الدین احمد

43. میر کے غم میں زخم ہی مرہم بن جاتا ہے۔ — فراق گورکھپوری

44. فراق حسن و جمال کی بولتی ہوئی روح کے شاعر ہیں۔ — گوپی چند نارنگ

45. اگر قرآن اردو زبان میں اترتا تو ابوالکلام کی نثر میں اترتا۔ — سجاد انصاری

46. ذکاء اللہ کا دماغ ایک پنیے کی دوکان ہے جسمیں ہر قسم کی جنس موجود رہتی ہے — الطاف حسین حالی

47. علامہ اقبال کی نظم "شمع و شاعر" بانگ درا کا دل ہے۔ — عبدالقادر

48. اردو کے پانچ ادیب — سرسید، حالی، شبلی، نذیر، آزاد عناصر خمسہ ہیں۔ — مہدی افادی

49. "مقدمہ شعر و شاعری" اردو شاعری کا پہلا مینی فیسٹو ہے۔ — آل احمد سرور

50. غزل اردو شاعری کی آبرو ہے۔ — رشید احمد صدیقی

51. "غزل بڑی کافر صنف سخن ہے۔ — آل احمد سرور

52. ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ڈپٹی نذیر احمد فطرت کی طرف سے ناول نگاری کے لئے پیدا کیئے گئے۔ — محی الدین قادری زور

53. دنیا سے جاتے ہوئے غزل کو فراق کے ذمے کیئے جا رہا ہوں۔ — یگانہ چنگیزی

54. "غزل" مختلف پھولوں کی مالا ہے۔ — فراق گورکھپوری

55. لکھنے کے لئے میں نے دنیا کی بہترین کتاب "زندگی" کو پڑھا ہے اور اسے بے انتہا موثر پایا۔ — عصمت چغتائی

56. "غزل" شاعری نہیں عطر شاعری ہے۔ — فراق گورکھپوری

57. ہر ہفتہ شعر نہ کہوں تو میرے پیٹ میں درد ہونے لگتا ہے۔ — جوش ملیح آبادی

58. ہمیں حسن کا معیار بدلنا ہوگا۔ — پریم چند

59. میرے نزدیک مارواڑی عورتیں مجموعہ ہیں تین چیزوں کا: گھونگھٹ، گندگی اور گہنا۔ — رشید احمد صدیقی

60. پریم چند نے محنت کش عوام کو افسانے کا ہیرو بنایا ہے۔ — سید احتشام حسین

61. انشائیہ دماغ کی ایک ترنگ ہے۔ — لان جانسن

62. ادب کے نئے فلسفہ کی ابتدا کارل مارکس کے فلسفہ سے ہوتی ہے۔ — مجنوں گورکھپوری

63. ''غزل'' نقاب پوش آرٹ اور چاول پر قل ھو اللہ لکھنے کا آرٹ ہے۔ — آل احمد سرور

64. منٹو دنیا کی ٹھوکرائی گھورے پر پھینکی ہوئی غلاظت میں سے موتی چن کر نکالتا ہے، گھورا کریدنے کا اسے شوق ہے کیونکہ اسے دنیا کے سنوارنے والوں پر بھروسہ نہیں۔ — عصمت چغتائی

65. اکبر روایتی ہوتے ہوئے باغی اور باغی ہوتے ہوئے اصلاحی ہیں۔ — رشید احمد صدیقی

66. اقبال اور جوش میں وہی فرق ہے جو ایک مفکر اور ڈھنڈورچی میں ہوتا ہے — خلیل الرحمٰن اعظمی

67. جب زخم میں مواد بھر جائے تو اس پر پٹیاں باندھنے سے بہتر ہے کہ نشتر لو اور جراحی شروع کردو۔ — عصمت چغتائی

68. مقدمہ شعر و شاعری کا پہلا مینی فیسٹو ہے — آل احمد سرور

✿✿✿

مختلف اصناف سے متعلق کردار

	ناول	کردار
1	آگ کا دریا	گوتم نیلمبر، کمال، نرملا، سجاتا، آنند، چمپا
2	گئودان	ہوری، دھنیا، گوبر، روپا، سونا، جھنیا، بھولا، گوپال سنگھ
3	امراؤ جان ادا	خانم، بسم اللہ، گوہر مرزا، فیضو
4	ابن الوقت	نوبل صاحب، حجۃ الاسلام، شارپ صاحب
5	توبۃ النصوح	کلیم، فہمیدہ، نعیمہ، نصوح، مرزا ظاہر دار بیگ
6	ایک چادر میلی سی	رانو، تلوکا، منگل
7	ضدی	پورن، آشا، مہیش، شانتا
8	ٹیڑھی لکیر	نجمہ، سعادت، رسول فاطمہ، بلقیس، اعجاز، شمن
9	مراۃ العروس	اکبری بیگم، اصغری، حجن بی
10	شکست	شیام، ونتی، چندرا، چھایا، موہن سنگھ
11	اسرار معابد	کیشو داس، پانڈے، بی بی جاں، رام کلی، دلاری
12	شریف زادہ	شیخ وجودی
13	آنگن	صفدر، عالیہ، تہمینہ، چھمی، نجمہ، جمیل بھیا
14	لندن کی ایک رات	احسان، شیلا گرین
15	فردوس بریں	شیخ وجودی
16	آخر شب کے ہم سفر	دیپالی سرکار، ریحان الدین
17	کئی چاند تھے سر آسماں	وزیر بیگم
18	اداس نسلیں	نعیم، عذرا
19	خدا کی بستی	راجہ، نوشہ

افسانہ	کردار
1. کفن	گھیسو، بدھیا، مادھو
2. گرم کوٹ	شمی، پشپامنی
3. اپنے دکھ مجھے دیدو	مدن، اندو
4. لاجونتی	لاجونتی، سندر لال بابو
5. کالی شلوار	سلطانہ، خدا بخش
6. ٹھنڈا گوشت	ایشر سنگھ، کلونت کور
7. موذیل	ترلوچن، موذیل، کرپال کور
8. کھول دو	سکینہ، سراج الدین
9. بڑے گھر کی بیٹی	آنندی، لال بہاری، سری کنٹھ سنگھ
10. نمک کا داروغہ	بنسی دھر، الوپی دین
11. حج اکبر	شاکرہ، نصیر، صابر، عباسی
12. لحاف	بیگم جان
13. چوتھی کا جوڑا	حمیدہ، کبریٰ، راحت
14. ماتھے کا تل	سعیدہ تسلیم
15. ننھی کی نانی	ننھی، بسم اللہ، نانی، بشیرے

☆

مثنوی	کردار
1. گلزارنسیم	تاج الملوک، بکاؤلی، روح افزا
2. قطب مشتری	محمد قطب شاہ، مشتری، بھاگ متی
3. سحر البیان	بے نظیر، بدر منیر، نجم النساء، ماہ رخ
4. لذت عشق	فیروز بخت، بیدار بخت
5. دریائے عشق	شہزادی، غزالہ، گل پیرہن شہزادہ، ماہرو، لال پری

ڈرامہ	کردار
1. سلور کنگ	افضل، پروین، اسد، منیر، تحسین
2. انارکلی	اکبر، سلیم، انارکلی، دلارام
3. دروازے کھول دو	رام دیال، کمل کانت، مرزا ارشاد حسین، لچھو، کریم اللہ
4. پردہ غفلت	میر الطاف حسین، میر شجاعت حسین، منظور حسین، سعیدہ، رقیہ، جواد، احمد حسین
5. آگرہ بازار	عبدالستار صدیقی، اصغر حسن، جمن، ضیاء الحسن فاروقی، محمد اقبال
6. چھٹا بیٹا	بسنت لال، ہنس راج، ہری ناتھ، دیونرائن، کملا، کیلاش پتی
7. وہ صبح کبھی تو آئیگی	عورت، مرد، آشا، زویا
8. ضحاک	ضحاک، نوشابہ، فریدوں، راہب
9. منی بائی حجاب	نواب مرزا داغ، حیدر علی خاں، ننھے خاں، شیر خاں، حمید الدین، انجم، منی بائی
10. مسیحا	ہربنس، افضل، سنت رام، سیتا
11. اندر سبھا	اندر، نیلم پری، پکھراج پری، لال پری، سبز پری، گلفام، کالا دیو
12. کس کی جیت	ساجدہ، عذرا، پپو، اعجاز احمد، نعیم الدین، ظہیر ماسٹر، ماجد، امیر الدین
13. بھیگی بستی	شاہد، زرینہ، نرگس، احمد حسین، قاسم

شعراء- مجموعہ کلام

	شعراء	مجموعہ کلام
1	احسان دانش	گورستان، نوائے کارگر، آتش خاموش، چراغاں، شیرازہ، جادہ نو، حدیث ادب
2	احمد فراز	بے آواز گلی کوچوں میں، نابینا شہر میں آئینہ، تنہا تنہا، میرے خواب ریزہ ریزہ، سب آوازیں میری ہیں
3	احمد ندیم قاسمی	دست وفا، شعلہ گل، جلال و جمال، رم جھم، دھڑکنیں
4	اختر الایمان	آب جو، سب رنگ، تاریک سیارہ، یادیں، گرداب، زمین زمین، نیا آہنگ، سروساماں، بنت لمحات، زمستاں سرد مہری کا، چھاپیں
5	اختر انصاری	غزل کی سرگذشت، افکار پریشاں، زندگی کے رخ، وقت کی بانہوں میں، ایک قدم اور سہی
6	اختر شیرانی	نغمہ حرم، طیور آوارہ، لالۂ طور، صبح بہار، اختر ستان
7	اسرار الحق مجاز	آہنگ، ساز نو، شب تاب
8	اصغر گونڈوی	سرود زندگی، نشاط روح
9	آنند نرائن ملا	میری حدیث، عمر گریزاں، جوئے شیر
10	بشیر بدر	اکائی، امیج، آسمان، آس، آمد
11	بیکل اتساہی	سرور جاوداں، پروائیاں، رنگ ہزاروں خوشبو ایک، موتی اگلے دھان کے کھیت

12	پروین شاکر	خوشبو، صد برگ، انکار، خود کلامی، کیف آئینہ
13	پنڈت برج نرائن چکبست	صبح وطن، جلوہ صبح، اگلے لوگ
14	تلوک چند محروم	گنج معانی، نیرنگ معانی، کاروان وطن، بہار وطن
15	جاں نثار اختر	جاوداں، گھر آنگن، خاک دل، سویرا، تاب سخن، بیدار ہے انساں، کارواں، تارگریباں، پچھلے پہر، ہندوستان ہمارا
16	جگر مرادآبادی	آتش گل، شعلہ طور، داغ جگر
17	جگن ناتھ آزاد	نوائے پریشاں، ستاروں سے ذروں تک، بیکراں، جستجو، وطن میں اجنبی، ترانہ جمہور
18	جوش ملیح آبادی	شعلہ و شبنم، سیف وسبو، عرش وفرش، نقش ونگار، جنوں وحکمت، فکر ونشاط، آیات ونغمات، سیف وسبو، الہام وافکار
19	حفیظ جالندھری	ہندوستاں ہمارا، نغمہ زار
20	خلیل الرحمٰن اعظمی	کاغذی پیرہن، نیا عہد نامہ، آسماں اے آسماں، آئینہ خانے میں
21	ساحر لدھیانوی	گاتا جائے بنجارہ، تنہائیاں، تلخیاں، پیراہن، آؤ کہ خواب بنیں
22	سلام مچھلی شہری	میرے نغمے، وسعتیں، پائلی (گیتوں کا مجموعہ)
23	شاد عظیم آبادی	سروش مستی، میخانہ الہام، نغمہ الہام، مادر وطن، حیات فریاد، رباعیات شاد
24	شفیق سردار	تازہ ہوا
25	شکیل بدایونی	نغمۂ فردوس، رنگینیاں، شبستان، رعنائیاں، صنم وحرم
26	ظفر احمد ماہر	ہری سنہری خاک
27	علامہ اقبال	بانگ درا، بال جبریل، ضرب کلیم، ارمغان حجاز

28	علی سردار جعفری	ایشیا جاگ اٹھا، ایک خواب اور، لہو پکارتا ہے، نئی دنیا کو سلام، جمہوریت، خون کی لکیر، ذوق سفر، پتھر کی دیوار، پیراہن شرر
29	عنبر بہرائچی	سوکھی ٹہنی پر ہریالی، دھوپ
30	فانی بدایونی	باقیات فانی، عرفانیات فانی، وجدانیات فانی
31	فراق گورکھپوری	گل نغمہ، روح کائنات، شعلہ ساز، گلکاریاں، مشعل، حاشیے، روپ، پچھلی رات، چراغاں، دھرتی کی کروٹ، شعرستان
32	فرحت احساس	میں رونا چاہتا ہوں
33	قضا ابن فیضی	سر شاخ طوبیٰ، سبزۂ معنی بیگانہ، سفینۂ زر گل، شعلۂ نیم روز، دریچۂ سیم سمن
34	فیض احمد فیض	دست صبا، زنداں نامہ، نقش فریادی، شام شہر یاراں، دست تہ سنگ، سر وادی سینا، ورق ورق
35	قتیل شفائی	بطربہ، آموختہ، رنگ، خوشبو، روشنی، گفتگو، پیراہن
36	کلیم عاجز	وہ جو شاعری کا سبب ہوا
37	کیفی اعظمی	جھنکار، آخر شب، آوارہ سجدے، میری آواز سنو، ابلیس کی مجلس شوریٰ، سرمایہ
38	مجروح سلطانپوری	غزل، مشعل جاں، تماشائی
39	مخدوم محی الدین	سرخ سویرا، گل تر، بساط رقص، بگھی کے پیچھے چھوکرا
40	مخمور سعیدی	واحد متکلم، آواز کا جسم، سب رنگ، دیوار و در کے درمیان، آتے جاتے لمحوں کی صدا، بانس کے جنگلوں سے گذرتی ہوا
41	مظفر حنفی	تیکھی غزلیں، پانی کی زبان، عکس ریزے
42	معین احسن جذبی	فروزاں، گداز شب، سخن مختصر

43	ندا فاضلی	آنکھ اور خواب کے درمیان، کھویا ہوا سا کچھ، لفظوں کا پل، چہرے
44	ن.م. راشد	ماورا، گمان کا ممکن، ایران میں اجنبی، انسان
45	وامق جونپوری	چیخیں، سفر ناتمام، شب چراغ، جرس
46	حفیظ بنارسی	درخشاں، غزالاں، قول و قسم
47	حسرت موہانی	قید فرنگ
48	بہادر شاہ ظفر	نوائے ظفر
49	راہی معصوم رضا	مور ناچ، رقص مئے، میں ایک پھیری والا ہوں
50	حامد اللہ افسر	پیام مئے روح
51	داغ دہلوی	گلزار داغ، آفتاب داغ، شعاع داغ
52	کالی داس گپتا رضا	شعلہ خاموش، اجالے، سوزش پنہاں، شاخ گل، شعور غم، متاع جاوید
53	شہریار	خواب کا در بند ہے، ہجر کے موسم، اسم اعظم، میرے حصے کی زمین
54	مظہر امام	پچھلے موسم کا گلاب، زخم تمنا، رشتہ گونگے سفر کا
55	پرویز شاہدی	اجالا، خوش آمدید، رقص حیات، ماضی کا قید خانہ، جوانی ہمارے وطن میں، بنت ہمالہ
56	تلوک چند محروم	خدا کے جلوے

☆

مشہور نظمیں

	شعراء	مشہور نظمیں
1	احسان دانش	مزدور کی لاش، محتاج حسینہ، گرمی کی دوپہر، نوعروس بیوہ، مزدور کا مہمان
2	اختر الایمان	ایک لڑکا، یادیں، پس دیوار، قلوپطرہ، زندگی کے دروازے پر، تنہائی میں، پگڈنڈی، نیند سے پہلے
3	اختر شیرانی	اے عشق کہیں لے چل، برکھارت، نغمۂ زندگی، دھڑکتا دل، دل کی ویرانی
4	الطاف حسین حالی	حب وطن، نشاط امید
5	جاں نثار اختر	دانائے راز، آخری ملاقات، کسی کو دیکھا
6	جوش ملیح آبادی	ایسٹ انڈیا کمپنی کے نام، ترانہ آزادی وطن، حسن اور مزدوری، ماتم آزادی، کسان، بدلی کا چاند، شکست رنداں کا خواب، جامن والیاں
7	چکبست	رامائن کا ایک سین، حب قوم، پھولا مالا، خاک ہند، کرشن کنہیا
8	ساحر لدھیانوی	قحط بنگال، کل اور آج، اسی دوراہے پر، نیا سفر ہے، پرانے چراغ گل کردو، پرچھائیاں
9	علامہ اقبال	مکہ اور جنیوا، ساقی نامہ، شکوہ، جواب شکوہ، ذوق وشوق، مسجد قرطبہ، نیا شوالہ، خضر راہ، جبریل وابلیس
10	علی سردار جعفری	نئی دنیا کو سلام، پتھر کی دیوار، بمبئی، نیند، ایک پھول،

	شعراء	مشہور نظمیں
		تمہارے ہاتھ، گفتگو، شعور، یہ زندگی ہے
11	فراق گورکھپوری	ہنڈولا، پرچھائیاں، جگنو، ترانۂ عشق، شام عبادت
12	فیض احمد فیض	موضوع سخن، انتظار، دل بیتاب ٹھہر، زنداں کی ایک صبح، مجھ سے پہلی سی محبت میرے محبوب نہ مانگ، لوح وقلم، تنہائی
13	کیفی اعظمی	اندیشہ، پشیمانی، ٹرنک کال، حوصلہ، تبسم، ماحول
14	مجاز	سرمایہ داری، انقلاب، آوارہ، میرا چمن، رات اور ریل، اندھیری رات کا مسافر، مجبوریاں، ننھی پجارن
15	مخدوم محی الدین	چاند تاروں کا بن، جوانی، تلنگن، انتظار، دست ناز، بولتی آنکھوں کا رس، عارض، خم گردن،
16	معین احسن جذبی	موت، طوائف
17	نظیر اکبرآبادی	آدمی نامہ، ہنس نامہ
18	ن.م.راشد	سباویراں، انتقام، اجنبی عورت، رقص، دریچے کے قریب
19	وامق جونپوری	بھوکا بنگال، مینا بازار، تقسیم پنجاب

☆

چند تنقیدی و تحقیقی تصانیف

1	ابوالکلام قاسمی	مشرقی شعریات اور اردو تنقید کی روایت، تخلیقی تجربہ، شاعری کی تنقید، معاصر تنقیدی رویے، نظریاتی تنقید
2	احتشام حسین	ذوق ادب وشعور، تنقید اور عملی تنقید، روایت اور بغاوت، ادب اور سماج، عکس اور آئینے، افکار ومسائل، تنقیدی جائزے، اردو ادب کی تنقیدی تاریخ، اعتبار نظر، تنقیدی نظریات وغیرہ
3	احسن فاروقی	اردو میں تنقید، ناول کا فن، فریب نظر، اردو ناول کی تنقیدی تاریخ
4	اختر اورینوی	قدر ونظر، تحقیق وتنقید، سراج ومنہاج، تحقیق وتنقید
5	اختر حسین رائے پوری	ادب اور انقلاب، روشنی کا مینار، سنگ میل
6	الطاف حسین حالی	مقدمہ شعروشاعری، یادگار غالب، حیات جاوید، حیات سعدی
7	امداد امام اثر	کاشف الحقائق
8	انور سدید	اردو ادب کی تحریکیں
9	آل احمد سرور	مسرت سے بصیرت تک، تنقیدی اشارے، ادب اور نظریہ، تنقید کیا ہے؟، نظر اور نظریے، ردوتحریک، اقبال کا نظریہ شعرو شاعری، فکر روشن، نئے اور پرانے چراغ، پہچان اور پرکھ، تنقید کے بنیادی مسائل
10	بلراج کومل	ادب کی تلاش
11	پروفیسر شمیم حنفی	اقبال کا حرف تمنا، جدیدیت کے فلسفیانہ اساس، کہانی کے پانچ رنگ، نئی شعری روایت، فراق شخص وشاعر، قاری سے مکالمہ
12	پروفیسر عقیل رضوی	نئی علامت نگاری، شمالی ہند میں اردو مثنوی، اصول تنقید اور ردعمل، جدید ناول کا فن، مرثیہ کی سماجیات، ترقی پسند تحریک کی

		تنقیدی تاریخ
13	پروفیسر علی احمد فاطمی	عبدالحلیم شرر بحیثیت ناول نگار، تین ترقی پسند شاعر، فراق شاعر اور دانشور، اقبال اور الہ آباد، نئی تنقید نئے اقدار، ترقی پسند تحریک سفر در سفر، سجاد ظہیر- پریم چند نئے تناظر میں
14	پروفیسر قمر رئیس	تعبیر وتحلیل، ترقی پسند ادب پچاس سالہ سفر، تلاش وتوازن، تنقیدی تناظر، پریم چند کا تنقیدی مطالعہ بحیثیت ناول نگار
15	پروفیسر محمد حسن	معاصر ادب کے پیش رو، ادبی سماجیات، ادبی تنقید، جدید اردو ادب، ہندوستانی محاورے، ہندی ادب کی تاریخ، ہندوستانی شاعری، اردو ادب میں رومانوی تحریک، ہیئتی تنقید، مشرق ومغرب میں تنقیدی تصورات کی تاریخ
16	پروفیسر نوشابہ سردار	بیسویں صدی میں اردو تنقید کا ارتقاء، وجدان وادراک، افکار تنقید
17	پروفیسر وہاب اشرفی	آگہی کا منظر نامہ، اردو فکشن اور تیسری آنکھ، تاریخ ادبیات عالم، معنی کی تلاش، مابعد جدیدیت، مضمرات وممکنات، حرف حرف آشنا، تفہیم البلاغت، راجندر سنگھ بیدی کی افسانہ نگاری، تاریخ ادب اردو (۳رجلد)
18	جگن ناتھ آزاد	اقبال اور مغربی مفکرین، حیات محروم، مرقع اقبال، اقبال اور کشمیر، اقبال اور اس کا عہد، نشان منزل، میرے گذشتہ شب و روز، کولمبس کے دیش میں
19	جمیل جالبی	ارسطو سے ایلیٹ تک، تاریخ ادب اردو، میراجی ایک مطالعہ، ادب کلچر اور مسائل، ادبی تحقیق، نئی تنقید، تنقید اور تجربہ، معاصر ادب
20	حامد کاشمیری	اردو تنقید، امکانات، تفہیم وتنقید، جدید شعری منظر نامہ
21	حیات اللہ انصاری	جدیدیت کی سیر
22	خلیل الرحمان اعظمی	فکر وفن، زاویہ نگاہ، مضامین نو، اردو میں ترقی پسند ادبی تحریک

23	دیویندر اسر	ادب اور جدید ذہن، ادب اور نفسیات، فکر اور ادب
24	ڈاکٹر اعجاز حسین	مختصر تاریخ ادب اردو، اردو شاعری کا سماجی پس منظر، ادب اور ادیب، آئینہ معرفت، اردو ادب آزادی کے بعد
25	ڈاکٹر شکیل احمد	اردو افسانوں میں سماجی مسائل کی عکاسی، مئو شہر ہنروراں
26	ڈاکٹر صالحہ زریں	اردو ناول کا سماجی اور سیاسی مطالعہ، جدید خواتین افسانہ نگار نظریہ اور تجزیہ، نظر اور توسیع نظر
27	ڈاکٹر عبادت بریلوی	اردو تنقید کا ارتقاء، تنقیدی زاویے، غزل اور مطالعہ غزل، جدید شاعری، شاعری کی تنقید، اردو تنقید نگاری
28	ڈاکٹر عبدالمغنی	تشکیل جدید، جادہ اعتدال، تنقید مشرق، اسلوب تنقید، فروغ تنقید، نقطہ نظر، اقبال کا نظام فن، غالب کا فن، میر کا تغزل، عظمت غالب، اقبال کا نظریہ خودی
29	ڈاکٹر فرمان فتح پوری	اردو نثر کا فنی ارتقاء، اردو شاعری کا فنی ارتقاء، اقبال سب کے لئے، اردو کی ظریفانہ شاعری، اردو افسانہ اور افسانہ نگار، تحقیق و تنقید
30	ڈاکٹر وزیر آغا	اردو شاعری کا مزاج، اردو ادب میں طنز و مزاح، تنقید اور احتساب، تخلیقی عمل، نظم جدید کی کروٹیں
31	رام بابو سکسینہ	تاریخ ادب اردو
32	رشید احمد صدیقی	طنزیات و مضحکات، گنج ہائے گرانمایہ، خنداں، غالب کی شخصیت اور شاعری
33	رشید احمد صدیقی	گنجہائے گراں مایہ، ہم نفساں رفتہ، جدید غزل، طنزیات و مضحکات
34	ڈاکٹر منور انجم	اقبال سہیل حیات اور شاعری، اردو ادب کے ماہ و انجم، اردو ادب کے مہ و کہکشاں
35	سرسید احمد خاں	اسباب بغاوت ہند، آثار الصنادید، خطبات احمدیہ
36	سید سلیمان ندوی	رحمت عالم، حیات شبلی، خطبات مدارس

37	شارب ردولوی	جدید اردو تنقید اصول و نظریات، تنقیدی مطالعے، تنقیدی مباحث
38	شبلی نعمانی	شعر العجم، موازنہ انیس و دبیر، المامون، الفاروق، سیرۃ النبی، سیرۃ النعمان، علم الکلام
39	شمس الرحمان فاروقی	افسانہ کی حمایت میں، تنقیدی افکار، لفظ و معنی، شعر غیر شعر اور نثر، شعر شور انگیز، تفہیم غالب، اثبات و نفی، اردو غزل کے اہم موڑ، انداز گفتگو کیا ہے، اردو کا ابتدائی زمانہ، عروض آہنگ اور بیان، شعریات
40	شوکت سبزواری	اردو زبان کا ارتقاء، اردو لسانیات، ہندوستانی لسانیات کا خاکہ
41	عاشور کاظمی	۱۸۵۷ء کے غداروں کے خطوط، صراط منزل، مرتبہ نظم کی اصناف میں، چھیڑ خوباں سے، سخن گسترا
42	عبدالرحمان بجنوری	محاسن کلام غالب
43	عبدالقادر سروری	اردو مثنوی کا ارتقاء، زبان و علم زبان، کشمیر کل اور آج، جدید اردو شاعری، اردو کی ادبی تاریخ
44	علی سردار جعفری	ترقی پسند ادب، پیغمبران سخن
45	فراق گورکھپوری	انداز ے، اردو کی عشقیہ شاعری، اردو غزل گوئی
46	قاضی عبدالودود	جہان غالب، غالب بحیثیت محقق، آزاد بحیثیت محقق، عیار ستان، نشتر و سوزن
47	کلیم الدین احمد	اردو تنقید پر ایک نظر، فن داستان گوئی، سخن ہائے گفتنی، عملی تنقید، اردو شاعری پر ایک نظر، اقبال ایک مطالعہ، قدیم مغربی تنقید
48	گوپی چند نارنگ	اقبال کا فن، ادبی تنقید اور اسلوبیات، اردو افسانہ روایت اور مسائل، ساختیات پس ساختیات، فکشن کی شعریات، جدیدیت کے بعد
49	گیان چند جین	پرکھ اور پہچان، عام لسانیات، ابتدائی کلام اقبال، تاریخ ادب اردو، اصول تحقیق و ترتیب متن، ایک بھاشا دو لکھاوٹ دو ادب، مقدمے اور تبصرے

50	مالک رام	ذکر غالب، تلامذہ غالب، فسانہ غالب، گفتار غالب، تذکرہ ماہ و سال
51	مجنوں گورکھپوری	ادب اور زندگی، غالب شخص اور شاعر، تاریخ جمالیات، نقوش و افکار
52	محمد حسین آزاد	آب حیات، سخندان فارس، نوابی دربار، قصص ہند
53	محمود شیرانی	پنجاب میں اردو
54	محی الدین قادری	دکنی ادب کی تاریخ، تنقیدی معاملات، اردو شہ پارے، اردو کے اسالیب بیان
55	مرزا خلیل احمد بیگ	اردو کا المیہ، زبان اسلوب اور اسلوبیات
56	مسعود حسین خاں	مقدمہ تاریخ زبان اردو، اردو کا المیہ، شعر و زبان، اردو غزل کے نشتر، اقبال کی نظری و عملی شعریات
57	مسعود حسین خاں	مقدمہ تاریخ زبان اردو، شعر و زبان، اردو کا المیہ، اردو زبان و ادب
58	ممتاز حسین	نقدِ حیات، نئے گوشے، نئی قدریں، تنقیدی مسائل، ادب اور شعور، غالب ایک مطالعہ
59	ممتاز شیریں	معیار
60	مولانا ابوالکلام آزاد	غبار خاطر، تحریک آزادی، لسان الصدق، ترجمان القرآن، الہلال، مسئلہ خلافت
61	نصیر الدین ہاشمی	دکن میں اردو
62	نور الحسن نقوی	تاریخ ادب اردو، اقبال شاعر و مفکر، اقبال فن اور فلسفہ، سرسید اور علی گڑھ تحریک، غالب شاعر اور مکتوب نگار، فن تنقید اور تنقید نگاری
63	نیاز فتحپوری	انتقادیات، نگارستان، خیالستان، جذبات بھاشا، مالہٗ و ماعلیہ
.64	پروفیسر شبنم حمید	ہندوستانی قصوں سے ماخوذ اردو ڈرامے
.65	ڈاکٹر انور ظہیر	ساحر لدھیانوی حیات اور کارنامے، شعور ادب
.66	ڈاکٹر حدیث انصاری	فضا ابن فیضی ـ شخصیت اور فن

❁❁❁

شعراء و ادباء کی پیدائش ـ وفات

شعراء/ادباء	تخلص	سن پیدائش	سن وفات
امیر	خسرو	۱۲۵۳ء–ایٹہ	۱۳۲۵–دہلی
ولی محمد	ولی		۱۷۲۰
مرزا محمد رفیع	سودا	۱۷۱۳–شاہ جہاں آباد	۱۷۸۱
خواجہ میر	درد	۱۷۳۰–دہلی	۱۷۸۴
میر تقی	میر	۱۷۲۲	۱۸۱۰
شیخ محمد ولی اکبرآبادی	نظیر	۱۷۳۵–دہلی	۱۸۳۰
شیخ غلام ہمدانی	مصحفی	۱۷۴۸–اکبر پور	۱۸۲۴
انشاء اللہ خاں	انشاء	۱۷۵۶–مرشد آباد	۱۸۱۸–لکھنؤ
ابوظفر سراج الدین	ظفر	۱۷۷۵–دہلی	۱۸۶۲–رنگون
خواجہ حیدر علی	آتش	۱۷۷۸–فیض آباد	۱۸۶۷–لکھنؤ
شیخ امام بخش	ناسخ	۱۷۷۲–فیض آباد	۱۸۳۹–لکھنؤ
شیخ محمد ابراہیم	ذوق	۱۷۸۸–دہلی	۱۸۵۴–دہلی
مرزا اسد اللہ خاں	غالب	۱۷۹۸–آگرہ	۱۸۶۹–دہلی
محمد مومن خاں	مومن	۱۸۰۰–دہلی	۱۸۵۲–دہلی
میر ببر علی	انیس	۱۸۰۲–فیض آباد	۱۸۷۴–لکھنؤ
مرزا اسلامت علی	دبیر	۱۸۰۳–دہلی	۱۸۷۵–لکھنؤ

امیر احمد مینائی	امیر مینائی	۱۸۲۶-لکھنؤ	۱۹۰۰-حیدرآباد
نواب مرزا	داغ	۱۸۳۱-دہلی	۱۹۰۵-حیدرآباد
محمد حسین آزاد	آزاد	۱۸۳۰-دہلی	۱۹۱۰-
الطاف حسین	حالی	۱۸۳۷-پانی پت	۱۹۱۴-پانی پت
سید اکبر حسین اکبرآبادی	اکبر	۱۸۴۶-الہ آباد	۱۹۲۱-الہ آباد
سید علی محمد	شاد عظیم آبادی	۱۸۴۶-پٹنہ	۱۹۲۷-پٹنہ
سید حیدر علی	نظم طباطبائی	۱۸۵۲-لکھنؤ	۱۹۳۳-حیدرآباد
شیخ محمد اقبال	اقبال	۱۸۷۷-سیالکوٹ	۱۹۳۸-لاہور
سید فضل الحسن	حسرت	۱۸۸۱-اناؤ	۱۹۵۱-لکھنؤ
مولانا محمد علی	جوہر	۱۸۷۸-رام پور	۱۹۳۱-لندن
شوکت علی خاں	فانی بدایونی	۱۸۷۹-بدایوں	۱۹۴۱-حیدرآباد
پنڈت برج نرائن	چکبست	۱۸۸۲-فیض آباد	۱۹۲۶-رائے بریلی
اصغر حسین گونڈوی	اصغر	۱۸۸۴-گورکھپور	۱۹۳۶-
علی سکندر مرادآبادی	جگر	۱۸۹۰-مرادآباد	۱۹۶۰-گونڈہ
شبیر حسن خاں	جوش	۱۸۹۶-ملیح آباد	۱۹۸۲-کراچی
رگھوپتی سہائے	فراق	۱۸۹۶-گورکھپور	۱۹۸۲
اسرار الحق	مجاز	۱۹۱۱-بارہ بنکی	۱۹۵۵-
فیض احمد	فیض	۱۹۱۱-سیالکوٹ	۱۹۸۴-لاہور
سید علی سردار جعفری	سردار	۱۹۱۳-بلرامپور	۲۰۰۰-ممبئی
اطہر حسین رضوی	کیفی اعظمی	۱۹۱۸-اعظم گڈھ	۲۰۰۲-ممبئی

فیض الحسن	فضا ابن فیضی	۱۹۲۳-مئوناتھ بھنجن	۲۰۰۸ء-مئوناتھ بھنجن
احسان الحق	دانش	۱۹۱۳-میرٹھ	۱۹۸۲-میرٹھ
میرامن دہلوی	لطف	۱۷۳۲-دہلی	۱۸۰۶-کلکتہ
رجب علی بیگ	سرور	۱۷۸۶-لکھنؤ	۱۸۷۱-بنارس
شبلی نعمانی	شبلی	۱۸۵۷-اعظم گڑھ	۱۹۱۴-اعظم گڑھ
سرسید احمد خاں	......	۱۸۱۷-دہلی	۱۸۹۸-علی گڑھ
ڈپٹی نذیر احمد	......	۱۸۳۶-بجنور	۱۹۱۰-دہلی
جاں نثار اختر	......	۱۹۱۴-گوالیار	۱۹۷۶-
مولانا عبدالحلیم	شرر	۱۸۶۰-لکھنؤ	۱۹۲۶-لکھنؤ
پنڈت رتن ناتھ	سرشار	۱۸۴۶-لکھنؤ	۱۸۹۵-حیدرآباد
دھنپت رائے	پریم چند	۱۸۸۰-بنارس	۱۹۳۶-بنارس
راجندر سنگھ بیدی	بیدی	۱۹۱۵-لاہور	۱۹۸۴-ممبئی
احمد مجتبیٰ زیدی	وامق	۱۹۰۹-جونپور	۱۹۹۸-جونپور
راشد الخیری	......	۱۸۶۸-دہلی	۱۹۳۶-دہلی
سجاد حیدر یلدرم	......	۱۸۸۰-بجنور	۱۹۴۳-
کرشن چندر	......	۱۹۱۴-	۱۹۷۷-بمبئی
سعادت حسن منٹو	منٹو	۱۹۱۲-لدھیانہ	۱۹۵۵-بمبئی
آغا محمد شاہ حشر	آغا حشر کاشمیری	۱۸۷۹-کشمیر	۱۹۳۵-کشمیر
امتیاز علی تاج	تاج	۱۹۰۰-لاہور	۱۹۳۳-لاہور
محی الدین احمد	ابوالکلام آزاد	۱۸۸۸-مکہ معظمہ	۱۹۷۸-دہلی

احمد صدیقی	مجنوں گورکھپوری	۱۹۰۴-گورکھپور	۱۹۸۸-کراچی
کلیم الدین احمد		۱۹۰۸-پٹنہ	۱۹۸۳-پٹنہ
آل احمد سرور	سرورؔ	۱۹۱۱-بدایوں	۲۰۰۲-علی گڑھ
سید احتشام حسین	......	۱۹۱۲-اعظم گڑھ	۱۹۷۲-الہ آباد
خلیل الرحمٰن اعظمی	......	۱۹۲۷-سلطانپور	۱۹۷۸-اعظم گڑھ
رشید احمد صدیقی	......	۱۸۹۴-جونپور	۱۹۷۷-علی گڑھ
قرۃ العین حیدر	حیدرؔ	۱۹۲۷-علی گڑھ	۲۰۰۷-نوئیڈا
عصمت چغتائی	......	۱۹۱۵-بدایوں	۱۹۹۱-ممبئی
اسرار حسن	مجروح سلطانپوری	۱۹۲۰-اعظم گڑھ	۲۰۰۰-ممبئی
اختر الایمان	......	۱۹۱۵-بجنور	۱۹۹۶-

❁❁❁

اخبار و رسائل سے متعلق سوالات

1. حسرت موہانی نے علی گڈھ سے ایک سہ ماہی رسالہ ۱۹۱۳ء میں جاری کیا تھا۔ جس کے سات ہی شمارے نکلے۔ اس کا نام کیا تھا؟
(A) نگار　(B) تذکرہ الشعراء
(C) اردوئے معلّٰی　(D) تہذیب الاخلاق

2. رسالہ آواز اور سارنگ کے ایڈیٹر کون تھے؟
(A) عبدالحلیم شرر　(B) محمد باقر
(C) غلام عباس　(D) حکیم شجاع الدین

3. سجاد حسین نے کون سا مزاحیہ اخبار نکالا؟
(A) زمیندار　(B) اودھ پنچ
(C) اردو اخبار　(D) ٹیٹلر

4. مشہور رسالہ "نگار" کے بانی کون تھے؟
(A) عبدالحلیم شرر　(B) غلام عباس
(C) امتیاز علی تاج　(D) نیاز فتح پوری

5. "نیا ادب" رسالہ کے بانی کون تھے؟
(A) جوش ملیح آبادی　(B) ریاض خیر آبادی
(C) علی سردار جعفری　(D) سر سید احمد خاں

6. شور محشر رسالہ کس نے جاری کیا؟
(A) حکیم شجاع الدین　(B) خورشید احمد
(C) شیخ شیر علی　(D) محمد طفیل

6(A). 5(C). 4(D). 3(B). 2(C). 1(B)

7. اردو کا باضابطہ پہلا اخبار کون سا ہے؟

(A) اردو دنیا (B) نقوش

(C) ہماری زبان (D) اردو اخبار

8. فانی بدایونی نے کون سا رسالہ جاری کیا تھا؟

(A) نیا دور (B) ادبی دنیا

(C) تسنیم (D) زندگی

9. مولانا ظفر علی خاں نے لاہور سے کون سا اخبار نکالا؟

(A) زمیندار (B) افکار

(C) آزاد ہند (D) پاسبان

10. ''الہلال'' کہاں سے جاری ہوا؟

(A) دلی (B) کلکتہ

(C) بمبئی (D) لکھنؤ

11. ہفت روزہ اخبار ''شیراز'' کس نے جاری کیا تھا؟

(A) شمیم حنفی (B) عبداللہ حسین

(C) غلام عباس (D) طفیل اختر

12. رسالہ 'اردوئے معلیٰ' کس نے جاری کیا تھا؟

(A) فانی (B) داغ

(C) حسرت (D) آتش

13. اردوئے معلیٰ کس سن میں جاری ہوا تھا؟

1901(A) 1902(B)

1903(C) 1904(D)

13(C). 12(C) 11(C). 10(B). 9(A). 8(C). 7(D)

14. کامریڈ (انگریزی)، ہمدرد (اردو) کس نے جاری کیا؟

(A) حسرت (B) محمد علی جوہر

(C) فانی (D) چکبست

15. 'ریاض الاخبار' کس نے جاری کیا؟

(A) عبدالحلیم شرر (B) ریاض خیر آبادی

(C) عبدالسلام (D) مولانا ظفر علی خاں

16. سرسید نے تہذیب الاخلاق کس اخبار کی طرز پر جاری کیا تھا؟

(A) ٹیٹلر (B) زمیندار

(C) افسر الاخبار (D) ساتھی

17. کہکشاں ایک ادبی رسالہ ہے، اسے کس نے جاری کیا تھا؟

(A) جوش ملیح آبادی (B) محمد علی جوہر

(C) امتیاز علی تاج (D) اکبر علی

18. رسالہ تہذیب الاخلاق کے بانی کون تھے؟

(A) حالی (B) شبلی

(C) محمد حسین آزاد (D) سرسید

19. رسالہ 'کلیم' کب جاری ہوا؟

1920(A) 1922(B)

1923(C) 1924(D)

20. اردو زبان کا پہلا اخبار کس نے جاری کیا؟

(A) مرزا نظام شاہ (B) مسعود حسین خاں

(C) محمد باقر (D) غلام عباس

20(C). 19(B). 18(D). 17(C). 16(A). 15(B). 14(B).

21. سب سے پہلے اردو ٹائپ پر شائع ہونے والا اخبار کون ہے؟

(A) تہذیب الاخلاق (B) ہمدرد

(C) نوائے ادب (D) اودھ پنچ

22. گلدستہ ریاض اور گلدستہ گلچیں کس نے جاری کیا؟

(A) قاضی معز الدین (B) رشید صدیقی

(C) شیخ عبدالقادر (D) ریاض خیرآبادی

23. رسالہ پھول، تہذیب نسواں، کہکشاں کس نے جاری کیا؟

(A) راشد الخیری (B) امتیاز علی تاج

(C) عارف سنسہاروی (D) آل احمد سرور

24. رسالہ کلیم کس نے جاری کیا؟

(A) حسرت (B) داغ

(C) جوش (D) امتیاز علی تاج

24(C). 23(B). 22(D). 21(B)

اردو کے چند اہم قدیم وجدید رسائل

رسالہ	مقام اشاعت	ایڈیٹر
اثبات	ممبئی	اشعر نجمی
الفاظ	علی گڑھ	اطہر پرویز
اسلام اور عصر جدید	دہلی	ڈاکٹر عابد حسین
انداز ے	الہ آباد	پروفیسر عقیل رضوی
اظہار	بمبئی	باقر مہدی
ادیب	علی گڑھ	
استعارہ	دہلی	محمد صلاح الدین پرویز
آج کل	دہلی	ابرار رحمانی
آثار جدید	مئوناتھ بھنجن	عزیز الحق عمری
اردو دنیا	دہلی	ڈاکٹر حمید اللہ بھٹ
افکار ملی	دہلی	ڈاکٹر سید قاسم رسول الیاسی
اثبات ونفی	کلکتہ	عاصم شہنواز
افکار عالیہ	مئوناتھ بھنجن	عبدالحکیم مجاز
امنگ	دہلی	مرغوب حیدر عابدی
اشارہ	پٹنہ	قیوم خضر
اردو ادب	نئی دہلی	اسلم پرویز
امکان	لکھنؤ	ڈاکٹر ملک زادہ منظور احمد

افکار	بھوپال	صہبا لکھنوی
بین الاقوامی صدا	جموں کشمیر	نسرین نقاش
بیباک	مالیگاؤں	ہارون بی.اے
تحریک	دہلی	گوپال متل
تعمیر،تہذیب	پٹنہ	سہیل عظیم آبادی
تحریر	دہلی	مالک رام
تیز گام	دہلی	شاہد پرویز
تعمیر حیات	لکھنؤ	مولانا شمس الحق ندوی
تمثیل نو	دربھنگہ	ڈاکٹر امام اعظم
تکمیل	بھیونڈی	اصغر حسین قریشی
ترسیل	ممبئی	ڈاکٹر یونس
تہذیب الاخلاق	علی گڑھ	پروفیسر ابوالکلام قاسمی
تناظر	بمبئی	بلراج ورما
جامعہ	دہلی	ڈاکٹر عابد حسین
جہان اردو	دربھنگہ	ڈاکٹر مشتاق احمد
جوش بانی	الہ آباد	اقبال حیدر، علی احمد فاطمی
حنا	دہلی	جلال الدین
خاتون دکن،خوشبو کا سفر	حیدرآباد	صلاح الدین نیر
دیوان	پٹنہ	ڈاکٹر سید حسین احمد
درمقصود	امروہہ	خورشید مصطفیٰ رضوی
ذہن جدید	دہلی	جمشید جہاں، زبیر رضوی

روح ادب	کلکتہ	ڈاکٹر شہناز نبی
رہبر صنعت وتجارت	کلکتہ	محمد حنیف، ایم.اے پرویز
زبان وادب	پٹنہ، بہار اکیڈمی	باری اعظمی
ساقی	دہلی	شاہد احمد دہلوی
ساحل	بھساول	قمر بھساولی
سوغات	بنگلور	محمود ایاز
سب رنگ	الہ آباد	ڈاکٹر عقیل رضوی
سطور	دہلی	کمار پاشی
سب رس	حیدرآباد	محی الدین قادری زور
سائنس اردو	دہلی	ڈاکٹر اسلم پرویز
شاہراہ	دہلی	پرکاش پنڈت
شاہکار	الہ آباد	محمود احمد ہنر
شاخسار	کٹک	امجد نجمی
شگوفہ	حیدرآباد	مصطفیٰ کمال
شناخت	بھوپال	ظفر صہبائی
شاعر	ممبئی	افتخار امام صدیقی
شب خون	الہ آباد	شمس الرحمان فاروقی
شعر وحکمت	حیدرآباد	شہریار، مغنی تبسم
صبح نو	پٹنہ	وفا ملک پوری
عصری آگہی	دہلی	پروفیسر قمر رئیس
عصری ادب	دہلی	پروفیسر محمد حسن

فکرونظر	علی گڑھ	آزرمی دخت صفوی
فیصل ہند	دہلی	نوید صدیقی
فکر رحمانی	دمکا	ڈاکٹر مجیب الرحمان
فن اور شخصیت	بمبئی	صابر دت
فکر صحت	رام پور	محمد عاصم راجہ
فکر وتحقیق	دہلی	ڈاکٹر حمید اللہ بھٹ
فروغ اردو	دہلی	نور الحسن ہاشمی
فنون	اورنگ آباد	عبدالنعیم عظمیٰ
کردار	بھوپال	مفتی صدیقی
کتاب	لکھنؤ	عابد سہیل
کتاب نما	دہلی	صدیق الرحمٰن قدوائی
کہسار جرنل	بھاگلپور	ڈاکٹر مناظر عاشق ہرگانوی
کاروان ادب	بھوپال	کوثر صدیقی
کسوٹی	سستی پور	انور شمیم
گلفشاں	دہلی	مخمور سعیدی
گل بوٹے	ممبئی	فاروق سید
گگن	ممبئی	شمس کنول
گفتگو	ممبئی	علی سردار جعفری
قرطاس	ناگپور	محمد امین الدین
قومی زبان	پاکستان	
معیار، مبصر	پٹنہ	قاضی عبدالودود

معیار	میرٹھ	ابوالمجاہد زاہد
محور	دہلی	نریندر نشچل
مریخ	پٹنہ	پروفیسر عبدالمغنی
مباحثہ	پٹنہ	پروفیسر وہاب اشرفی
مخدوم	بہار شریف	شفیع الرحمان
معارف	اعظم گڑھ	اشتیاق احمد ظلی
مزاج	بھوپال	عیسیٰ صدیقی
ماہ نو	......	وقار عظیم
نیا دور	لکھنؤ	وضاحت حسین رضوی
ندیم	گیا	انجم مانپوری
نگار	لکھنؤ	نیاز فتحپوری
نئے چراغ	کھنڈوہ	مظفر حنفی
نکہت	الہ آباد	عباس حسینی
نئی نسلیں	لکھنؤ	م نسیم صدیقی
نگارش	امرتسر	مہندر باوا
نئی شناخت	دہلی	شبانہ صبا
نیا سفر	الہ آباد	سید عاشور کاظمی، پروفیسر علی احمد فاطمی
نوائے ادب	ممبئی	ڈاکٹر آدم شیخ
نقوش	لاہور	محمد طفیل
ہماری زبان		آل احمد سرور
یوجنا	دہلی	عابد کرہانی

ترقی پسند ادباء

شعراء	نقاد	ناول نگار	افسانہ نگار
اختر انصاری	اختر حسین رائے پوری	پریم چند	پریم چند
اسرار الحق مجاز	مجنوں گورکھپوری	کرشن چندر	کرشن چندر
معین احسن جذبی	ڈاکٹر عبدالعلیم	سجاد ظہیر	سجاد ظہیر
قتیل شفائی	اختر انصاری	عزیز احمد	سعادت حسن منٹو
جمیل مظہری	ممتاز حسین	حیات اللہ انصاری	راجندر سنگھ بیدی
پرویز شاہدی	عزیز احمد	سعادت حسن منٹو	عصمت چغتائی
احمد ندیم قاسمی	سجاد ظہیر	عصمت چغتائی	اپندر ناتھ اشک
اختر الایمان	آل احمد سرور	رامانند ساگر	اختر اورینوی
فراق گورکھپوری	سید احتشام حسین		احمد ندیم قاسمی
سلام مچھلی شہری	پروفیسر قمر رئیس		بلونت سنگھ
فیض احمد فیض	پروفیسر محمد حسن		حیات اللہ انصاری
علی سردار جعفری	پروفیسر سید محمد عقیل رضوی		رشید جہاں
کیفی اعظمی	پروفیسر شارب ردولوی		محمود الظفر
جاں نثار اختر	پروفیسر علی احمد فاطمی		اقبال مجید
مجروح سلطانپوری			عابد سہیل
جوش ملیح آبادی			رتن سنگھ
احسان دانش			رام لعل

ڈرامہ نگار	نظم نگار
کرشن چندر	جوش
سعادت حسن منٹو	فراق
خواجہ احمد عباس	سردار جعفری
اپندر ناتھ اشک	مخدوم محی الدین
عصمت چغتائی	مجروح سلطانپوری
راجندر سنگھ بیدی	جاں نثار اختر
ریوتی سرن شرما	ساحر لدھیانوی
محمد حسن	معین احسن جذبی
حبیب تنویر	اسرار الحق مجاز
قدسیہ زیدی	اختر الایمان
	کیفی اعظمی

خطاب والقاب

1. ''خاقانی ہند'' — ذوق کا خطاب تھا
2. ''شمس العلماء'' — مولانا الطاف حسین حالی کا خطاب تھا
3. ''بابائے اردو'' — مولوی عبدالحق کا خطاب تھا
4. ''خدائے سخن'' — میر تقی میر کو کہا جاتا ہے
5. ''لسان العصر'' — اکبر الہ آبادی کو کہا جاتا ہے
6. ''نجم الدولہ'' ''دبیر الملک'' ''نظام جنگ'' — مرزا اسد اللہ خاں غالب کا خطاب تھا
7. ''بلبل ہزار داستان'' — داغ دہلوی کو کہا جاتا ہے
8. ''مرزا نوشہ'' — غالب کا لقب تھا
9. ''شاعر مزدور'' — احسان دانش کو کہا جاتا ہے
10. ''شاعر انقلاب'' — جوش ملیح آبادی کو کہا جاتا ہے
11. ''باوا آدم'' — ولی دکنی کو محمد حسین آزاد نے کہا
12. ''مصور غم'' — راشد الخیری کو کہا جاتا ہے
13. ''خاں بہادر'' — اکبر الہ آبادی کو انگریزوں کی طرف سے یہ خطاب ملا
14. ''ملک الشعراء'' — ذوق کا لقب تھا
15. ''ملک الشعراء'' — مرزا غالب کو یہ خطاب ذوق کے انتقال کے بعد ملا
16. ''طوطی ہند'' — امیر خسرو کو کہا جاتا ہے
17. ''آقائے اردو'' — محمد حسین آزاد کو کہا جاتا ہے
18. ''پہلوان سخن'' — سودا کو کہا جاتا ہے
19. ''کلیم الشعراء'' — امجد حیدر آبادی کا لقب ہے

20. ''مصور فطرت'' — خواجہ حسن نظامی کا لقب ہے
21. ''اردو کا برناڈ شاہ'' — الطاف حسین حالی کو کہا جاتا ہے
22. ''ہندوستان کا شیکسپیئر'' — آغا حشر کاشمیری کو کہا جاتا ہے
23. ''اردو شاعری کا ہومر (Homer)'' — میر انیس کو کہا جاتا ہے
24. ''شاعر اعظم'' — جوش ملیح آبادی کو منشی دیا نرائن نگم نے لقب دیا
25. ''غیور جنگ'' — ڈپٹی نذیر احمد کا لقب ہے
26. ''اردو شاعری کا خیام'' — ریاض خیر آبادی کو کہا جاتا ہے
27. ''شاعر مشرق'' — علامہ اقبال کا لقب ہے
28. ''پہلوان شاعر'' — شیخ امام بخش ناسخ کو کہا جاتا ہے
29. ''اردو کا چاسر''(Chaucer) — ولی دکنی کو کہا جاتا ہے
30. ''باغی شاعر'' — کیفی اعظمی کو کہا جاتا ہے
31. ''اردو کا والٹر اسکاٹ'' — عبدالحلیم شرر کو کہا جاتا ہے
32. ''بابائے اردو'' — مولوی عبدالحق کو کہا جاتا ہے
33. ''شاعر رومان'' — اختر شیرانی کو کہا جاتا ہے
34. ''اردو کا صوفی شاعر'' — خواجہ میر درد دہلوی کو کہا جاتا ہے
35. ''عوامی شاعر'' — نظیر اکبر آبادی کو کہا جاتا ہے
36. ''قومی شاعر'' — چکبست کو کہا جاتا ہے
37. ''طنز و مزاح کا شاعر'' — اکبر الہ آبادی کو کہا جاتا ہے
38. یاسیات کا امام'' — فانی کو کہا جاتا ہے
39. شاعر بے دماغ — میر تقی میر کو کہا جاتا ہے

انعامات

گیان پیٹھ انعام یافتگان— فراق گورکھپوری، علی سردار جعفری، قرۃ العین حیدر، شہریار خاں

ساہتیہ اکادمی انعام یافتگان— رام لعل، مظہر امام، بشیر بدر، عبدالصمد (ناول "دو گز زمین") الیاس احمد گدی، عنبر بہرائچی، کیفی اعظمی، محمد اشرف، فراق گورکھپوری، اختر الایمان، قرۃ العین حیدر، آل احمد سرور، ابوالکلام قاسمی (معاصر تنقیدی رویے)

بھارت رتن انعام یافتگان— ابوالکلام آزاد، ڈاکٹر ذاکر حسین

پدم بھوشن انعام یافتگان— آل احمد سرور، جوش ملیح آبادی، نیاز فتح پوری، فراق گورکھپوری، کرشن چندر

سرسوتی انعام یافتہ— ڈاکٹر شمس الرحمان فاروقی، نیر مسعود

داداصاحب پھالکے انعام یافتہ— مجروح سلطانپوری، نوشادعلی، یوسف خاں

لینن انعام یافتگان— فیض احمد فیض (۱۹۶۲ء)

ساحر لدھیانوی

اقبال سمان یافتگان— اختر الایمان، مجروح سلطانپوری، اوپندر ناتھ اشک، حیات اللہ انصاری، آنند نرائن ملا، علی سردار جعفری، معین احسن جذبی، قرۃ العین حیدر، عصمت چغتائی، آل احمد سرور

ستارۂ امتیاز ایوارڈ (پاکستان) غلام عباس، ۱۹۷۸ء، امتیاز علی تاج، شمس الرحمن فاروقی ۲۰۱۰ء

پدم شری رشید احمد صدیقی (1963)، خواجہ احمد عباس (1968)، راجندر سنگھ بیدی (1972)، عصمت چغتائی (1975) بنگل اتساہی (1976)، کلیم الدین احمد (1982)

مجھے انسانی ہاتھ بڑے خوبصورت معلوم ہوتے ہیں
ان کی جنبش میں ترنم ہے اور خاموشی میں شاعری۔ ان کی انگلیوں سے تخلیق کی گنگا بہتی ہے۔ ہاتھوں کے بغیر نہ جنگ ممکن ہے نہ امن۔ محبت ممکن ہے نہ نفرت۔ یہی ہاتھ گلے میں حمائل ہوتے ہیں اور یہی ایک دوسرے کو چھوڑ کر دل کی دھڑکنیں تیز کر دیتے ہیں۔ ساز میں سوئے ہوئے نغمے ان ہاتھوں سے پیدا ہوتے ہیں۔

علی سردار جعفری

کچھ اہم سن عیسوی

۱۰۳۵ھ　میں مثنوی سیف الملوک لکھی گئی۔

۱۰۴۵ھ　میں سب رس کی تصنیف کی گئی۔

۱۷۵۲ء　میں نکات الشعراء لکھی گئی

۱۷۸۴ء　میں سحر البیان کی تصنیف کی گئی۔

۱۷۸۱ء　میں نوطرز مرصع لکھی گئی۔

۱۸۰۰ء　میں فورٹ ولیم کالج قائم ہوا۔

۱۸۰۲ء　میں باغ و بہار لکھی گئی۔

۱۸۰۳ء　میں دریائے لطافت لکھی گئی۔

۱۸۳۲ء　میں انگریزی سرکار نے اردو کو سرکاری زبان کا درجہ دیا۔

۱۸۳۹ء　میں غالب کلکتہ آئے تھے۔

۱۸۴۱ء　دیوان غالب پہلی بار شائع ہوا۔

۱۸۴۷ء　میں اردو کا پہلا سفرنامہ تاریخ یوسفی کے نام سے شائع ہوا پھر عجائبات فرنگ کے نام سے شائع ہوا۔

۱۸۴۷ء　میں آثار الصنادید لکھی گئی۔

۱۸۵۴ء　میں سرسید نے اسباب بغاوت ہند لکھی۔

۱۸۵۴ء　میں فورٹ ولیم کالج کو بند کردیا گیا۔

۱۸۶۹ء　میں نذیر احمد نے اپنا پہلا ناول مرأۃ العروس لکھا

۱۸۶۹ء　میں اسباب بغاوت ہند شائع ہوئی۔

۱۸۷۰ء　میں رسالہ تہذیب الاخلاق جاری ہوا۔

۱۸۷۷ء　میں اودھ پنچ اخبار شائع کیا گیا۔

۱۸۷۹ء　میں حالی نے مسدس مدوجزر اسلام لکھی۔

۱۸۸۰ء　میں نیرنگ خیال کی تصنیف ہوئی۔

۱۸۸۰ء　میں اردو کا دوسرا ناول رتن ناتھ سرشار کا فسانۂ آزاد شائع ہوا۔

۱۸۸۶ء　میں حالی نے حیات سعدی لکھی۔

۱۸۸۸ء　میں اردو کا تیسرا ناول عبدالحلیم شرر کا ملک العزیز ورجینا شائع ہوا۔

۱۸۸۹ء　میں حالی نے مسدس مدوجزر اسلام لکھا۔

۱۸۹۳ء　میں مقدمہ شعر و شاعری تصنیف ہوئی۔

۱۸۹۹ء　میں علامہ اقبال نے نظم 'ہمالیہ' لکھی۔

۱۹۰۱ء　میں رسالہ مخزن جاری ہوا۔

۱۹۰۱ء　میں حالی نے حیات جاوید لکھی۔

۱۹۰۷ء　میں پریم چند کا پہلا افسانہ دنیا کا سب سے انمول رتن شائع ہوا۔

۱۹۰۸ء　میں پریم چند کے افسانے کا پہلا مجموعہ 'سوز وطن' شائع ہوا۔

۱۹۰۸ء　میں علامہ اقبال یورپ سے اپنی تعلیم مکمل کر کے ہندوستان آئے۔

۱۹۳۲ء　میں رسالہ نگار کا اجراء کیا گیا۔

۱۹۳۵ء	میں پریم چند نے اپنا آخری ناول گئودان لکھا
۱۹۳۵ء	میں کفن شائع ہوا۔
۱۹۳۶ء	میں لکھنؤ میں ترقی پسند مصنفین کی پہلی کانفرنس ہوئی۔
۱۹۳۹ء	میں سجاد ظہیر نے ناول لندن کی ایک رات لکھی۔
۱۹۴۱ء	میں فیض کا پہلا مجموعہ 'نقش فریادی' منظر عام پر آیا۔
۱۹۵۵ء	میں فراق کا مجموعہ گل نغمہ شائع ہوا۔
۱۹۶۲ء	میں فیض کو لینن ایوارڈ ملا۔
۱۹۷۲ء	میں اتر پردیش اردو اکیڈمی قائم کی گئی۔

❁❁❁

اہم اور مشہور اشعار

زلف تیری ہے موج جمنا کی	تل نزک اس کے جیوں سناسی ہے	ولی
یہ سیہ زلف تج زنخداں پر	ناگنی جیوں کنوے پہ پیاسی ہے	ولی
مفلسی سب بہار کھوتی ہے	مرد کا اعتبار کھوتی ہے	ولی
شغل بہتر ہے عشق بازی کا	کیا حقیقی و کیا مجازی کا	ولی
مرے دل کوں کیا بے خود تری انکھیاں نے آخر کوں	کہ جیوں بے ہوش کرتی ہے شراب آہستہ آہستہ	ولی
جھیل لیتے ہیں عاشق اے فرہاد	جس کے سر، جیسی آن پڑتی ہے	سودا
تری گلی سے گزرتا ہوں اس طرح ظالم	کہ جیسے ریت سے پانی کا دھار گزرے ہے	سودا
سودا جو ترا حال ہے ایسا تو نہیں وہ	کیا جانیے تو نے اسے کس آن میں دیکھا	سودا
تر دامنی پہ شیخ ہماری نہ جائیو	دامن نچوڑ دیں تو فرشتے وضو کریں	درد
مٹ جائیں ایک آن میں کثرت نمائیاں	گر آئنہ کے سامنے ہم آکے ہر کریں	درد
وائے ناکامی کہ وقت مرگ یہ ثابت ہوا	خواب تھا جو کچھ کہ دیکھا جو سنا افسانہ تھا	درد
سینہ و دل حسرتوں سے چھا گیا	بس ہجوم یاس جی گھبرا گیا	درد
اپنی تو جہاں آنکھ لڑی پھر وہیں دیکھو	آئینے کو لپکا ہے پریشاں نظری کا	میر
لے سانس بھی آہستہ کہ نازک ہے بہت کام	آفاق کی اس کارگہ شیشہ گری کا	میر
اشک آنکھوں میں کب نہیں آتا	لہو آتا ہے جب نہیں آتا	میر
دیدنی ہے شکستگی دل کی	کیا عمارت غموں نے ڈھائی ہے	میر

لکھتے مرقع، لکھے گئے دفتر شوق نے، بات کیا بڑھائی ہے میر
میرے رونے کی حقیقت جس میں تھی ایک مدت تک وہ کاغذ نم رہا میر
ہر بگولے میں عیاں اک لغزش مستانہ ہے گردش چشم غزالاں، گردش پیمانہ ہے ناسخ
وہ شوخ فتنہ انگیزی اپنی خاطر میں سمایا ہے کہ اک گوشہ ہے صحرائے قیامت جس کے داماں میں ناسخ
سفر ہے شرط مسافر نواز بہتیرے ہزار ہا شجر سایہ دار راہ میں ہے آتش
یہ آرزو تھی، تجھے گل کے روبرو کرتے ہم اور بلبل بے تاب گفتگو کرتے آتش
ہر شب شب برات ہر روز روز عید سوتے ہیں ہاتھ گردن مینا میں ڈال کر آتش
سن تو سہی جہاں میں ہے تیرا فسانہ کیا کہتی ہے تجھ کو خلق خدا غائبانہ کیا آتش
نہ چھیڑ اے نکہت باد بہاری راہ لگ اپنی تجھے اٹھکھیلیاں سوجھی ہیں ہم بیزار بیٹھے ہیں انشا
ان آبلوں سے پاؤں کے گھبرا گیا تھا میں جی خوش ہوا ہے راہ کو پرخار دیکھ کر غالب
وا کر دیے ہیں شوق نے بند نقاب حسن غیر از نگاہ اب کوئی حائل نہیں رہا غالب
چپک رہا ہے بدن پر لہو سے پیراہن ہماری جیب کو اب حاجت رفو کیا ہے غالب
نکلنا خلد سے آدم کا سنتے آئے تھے لیکن بڑے بے آبرو ہو کر ترے کوچے سے ہم نکلے غالب
دیکھنا تقریر کی لذت کہ جو اس نے کہا میں نے یہ جانا، کہ گویا یہ بھی میرے دل میں ہے غالب
ہر چند ہو مشاہدۂ حق کی گفتگو بنتی نہیں ہے بادہ و ساغر کہے بغیر غالب
کتنے شیریں ہیں تیرے لب کہ رقیب گالیاں کھا کے بے مزہ نہ ہوا غالب
آتا ہے دم آنکھوں میں دم حسرت دیدار پر لب پہ کبھی حرف تمنا نہیں آتا ذوق
گیا شیطان مارا ایک سجدے کے نہ کرنے میں اگر لاکھوں برس سجدے میں سر مارا تو کیا مارا ذوق
موت نے لا کر دیا لاچار ورنہ انساں ہے وہ خود بیں کہ خدا کا بھی نہ قائل ہوتا ذوق

ہنسی کے ساتھ یاں روتا ہے مثل قلقل مینا اگر لاکھوں برس سجدے میں سر مارا تو کیا مارا ذوق
لائی حیات آئے قضا لے چلی، چلے اپنی خوشی نہ آئے نہ اپنی خوشی چلے ذوق
اب تو گھبرا کے یہ کہتے ہیں کہ مر جائیں گے مر کے بھی چین نہ پایا تو کدھر جائیں گے ذوق
خط بڑھا، کاکل بڑھے، زلفیں بڑھیں، گیسو بڑھے حسن کی سرکار میں جتنے بڑھے ہندو بڑھے ذوق
غیروں پہ کھل نہ جائے کہیں راز، دیکھنا میری طرف بھی غمزۂ غماز دیکھنا ذوق
تم ہمارے کسی طرح نہ ہوئے ورنہ دنیا میں کیا نہیں ہوتا ذوق
ہے دوستی تو جانب دشمن نہ دیکھنا جادو بھرا ہوا ہے تمہاری نگاہ میں مومن
غیروں پہ کھل نہ جائیں راز، دیکھنا میری طرف بھی غمزۂ غماز دیکھنا مومن
وہ جو ہم میں تم میں قرار تھا تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو وہی یعنی وعدہ نباہ کا تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو مومن
ہے جستجو کہ خوب سے ہے خوب تر کہاں اب ٹھہرتی ہے دیکھئے! جا کر نظر کہاں حالی
اک عمر چاہیے کہ گوارا ہو نیش عشق رکھی ہے آج لذت زخم جگر کہاں حالی
لگا رہا ہوں مضامین نو کے پھر انبار خبر کرو مرے خرمن کے خوشہ چینوں کو انیس
اب کے جنوں میں فاصلہ شاید نہ کچھ رہے دامن کے چاک میں اور گریباں کے چاک میں اقبال
نہ سلیقہ مجھ میں کلیم کا نہ قرینہ تجھ میں خلیل کا میں ہلاک جادوئے سامری تو قتیل شیوۂ آزری اقبال
آگ ہے اولاد ابراہیم ہے نمرود ہے کیا کسی کو پھر کسی کا امتحاں مقصود ہے اقبال
باغ بہشت سے مجھے حکم سفر دیا تھا کیوں کار جہاں دراز ہے اب میرا انتظار کر اقبال
اپنے من میں ڈوب کر پا جا سراغ زندگی تو اگر میرا نہیں بنتا نہ بن اپنا تو بن اقبال
جسے کساد سمجھتے ہیں، تاجران فرنگ وہ شے متاع ہنر کے سوا کچھ اور نہیں اقبال
مقام شوق، ترے قدسیوں کے بس کا نہیں انھیں کا کام ہے یہ، جن کے حوصلے ہیں زیادہ اقبال

قصوروار غریب الدیار ہوں، لیکن ترا خرابہ فرشتے نہ کرسکے آباد اقبال
بے خطر کود پڑا آتش نمرود میں عشق عقل ہے محو تماشائے لب بام ابھی اقبال
میں جوسر بسجدہ ہوا کبھی تو زمیں سے آنے لگی صدا ترا دل تو ہے صنم آشنا تجھے کیا ملے گا نماز میں اقبال
جس کھیت سے دہقاں کو میسر نہ ہو روزی اس کھیت کے ہر گوشہ گندم کو جلا دو اقبال
آلام روزگار کو آساں بنا دیا جو غم ہوا اسے غم جاناں بنا دیا اصغر
میں کامیاب دید بھی محروم دید بھی جلووں کے اژدھام نے حیراں بنا دیا اصغر
ہم اس نگاہ ناز کو سمجھے تھے نیشتر تم نے تو مسکرا کے رگ جاں بنادیا اصغر
چلا جاتا ہوں ہنستا کھیلتا موج حوادث سے اگر آسانیاں ہوں، زندگی دشوار ہوجائے اصغر
زاہد کو تعجب ہے، صوفی کو تحیر ہے صد رشک طریقت ہے یہ لغزش مستانہ اصغر
صفائے قلب سے اللہ رے انسان کی عظمت فرشتے چومتے ہیں آکے سنگ آستاں میرا چکبست
زندگی کیا ہے؟ عناصر میں ظہور ترتیب موت کیا ہے؟ انھیں اجزا کا پریشاں ہونا چکبست
موت کہتی ہے کہ لبریز ہے پیمانۂ عمر دوست کہتے ہیں کہ امید ابھی باقی ہے چکبست
زباں کو بند کریں یا مجھے اسیر کریں مرے خیال کو بیڑی پہنا نہیں سکتے چکبست
یہ بزم مئے ہے یاں کوتاہ دستی میں ہے محرومی جو بڑھ کر خود اٹھالے ہاتھ میں مینا اسی کا ہے شاد
کہاں سے لاؤں صبر حضرت ایوب اے ساقی خم آئے گا صراحی آئے گی تب جام آئے گا شاد
خموشی سے مصیبت اور بھی سنگین ہوتی ہے تڑپ اے دل تڑپنے سے ذرا تسکین ہوتی ہے شاد
خیال وصل کو اب آرزو جھولا جھلاتی ہے قریب آنا دل مایوس کا پھر دور ہوجانا شاد
میں حیرت وحسرت کا مارا، خاموش کھڑا ہوں ساحل پر دریائے محبت کہتا ہے آ، کچھ بھی نہیں پایاب ہیں ہم شاد
دل کا اجڑنا سہل سہی بسنا سہل نہیں ظالم بستی بسنا کھیل نہیں بستے بستے بستی ہے فانی

مختصر قصہ غم یہ ہے کہ دل رکھتا ہوں راز کونین خلاصہ ہے اس افسانے کا فانی
زندگی بھی تو پشیماں ہے یہاں لاکے مجھے ڈھونڈتی ہے کوئی حیلہ مرے مرجانے کا فانی
منزل عشق پہ تنہا پہنچے، کوئی تمنا ساتھ نہ تھی تھک تھک کر اس راہ میں آخر اک اک ساتھی چھوٹ گیا فانی
حسن بے پروا کو خود بین وخود آرا کردیا کیا کیا میں نے؟ کہ اظہار تمنا کردیا حسرت
نگاہ ناز جسے آشنائے راز کرے وہ اپنی خوبی قسمت پہ کیوں نہ ناز کرے حسرت
اللہ ری جسم یار کی خوبی، کہ خود بہ خود رنگینیوں میں ڈوب گیا، پیرہن تمام حسرت
ہے انتہائے یاس بھی اک ابتدائے شوق پھر آگئے وہیں پہ، چلے تھے جہاں سے ہم حسرت
پیا باج پیالہ پیا جائے نا پیا باج یک تل جیا جائے نا قلی قطب
تجاہل، تغافل، تبسم، تکلم یہاں تک تو پہنچے وہ مجبور ہو کر جگر
کبھی حسن کی طبیعت نہ بدل سکا زمانہ وہی ناز بے نیازی، وہی شان خسروانہ جگر
عشق میں کیسی منزل مقصود وہ بھی اک گرد ہے جو راہ میں ہے جگر
اب کاروبار عشق سے فرصت کہاں مجھے کونین کا وہ درد بڑھا کر چلے گئے جگر
پی پی کے اس نے سجدے میں کیے ہیں تمام رات اللہ رے شغل زاہد شب زندہ دار کا ریاض
جہاں ہم خشت خم رکھ دیں بنائے کعبہ پڑتی ہے جہاں ساغر ٹپک دیں چشمۂ زمزم نکلتا ہے ریاض
خوشی میں اپنے قدم چوم لوں تو زیبا ہے وہ لغزشوں پہ مری مسکرائے ہیں کیا کیا یگانہ
چراغ زیست بجھا، دل سے اک دھواں نکلا لگا کے آگ، مرے گھر سے میہماں نکلا یگانہ
ایک مدت سے تری یاد بھی آئی نہ ہمیں اور ہم بھول گئے ہوں تجھے ایسا بھی نہیں فراق
فضا تبسم صبح بہار تھی لیکن پہنچ کے منزل جاناں پہ آنکھ بھر آئی فراق
زندگی اس دور میں بشر کی بیمار کی رات ہوگئی ہے فراق

ایسی راتیں بھی ہم پہ گزری ہیں — تیرے پہلو میں تیری یاد آئی — فراق

تم مخاطب بھی ہو قریب بھی ہو — تم کو دیکھیں کہ تم سے بات کریں — فراق

اک عمر کٹ گئی ہے ترے انتظار میں — ایسے بھی ہیں کہ کٹ نہ سکی جن سے ایک رات — فراق

طبیعت اپنی گھبراتی ہے جب سنسان راتوں میں — ہم ایسے میں تیری یادوں کی چادر تان لیتے ہیں — فراق

ترے پہلو میں کیوں ہوتا ہے محسوس — کہ تجھ سے دور ہوتا جا رہا ہوں — فراق

تجھ کو دیکھا تو سیر چشم ہوئے — تجھ کو چاہا، تو اور چاہ نہ کی — فیض

حدیث یار کے عنواں ابھرنے لگتے ہیں — تو ہر حریم میں گیسو سنورنے لگتے ہیں — فیض

اک فرصت گناہ ملی وہ بھی چار دن — دیکھے ہیں ہم نے حوصلے پروردگار کے — فیض

دنیا نے تیری یاد سے بیگانہ کردیا — تجھ سے بھی دلفریب ہیں غم روزگار کے — فیض

ویران میکدہ ہے خم و ساغر اداس ہیں — تم کیا گئے کہ روٹھ گئے دن بہار کے — فیض

گلوں میں رنگ بھرے باد نو بہار چلے — چلے بھی آؤ کہ گلشن کا کاروبار چلے — فیض

متاع لوح و قلم چھن گئی تو کیا غم ہے — کہ خون دل میں ڈبو لی ہیں انگلیاں میں نے — فیض

کچھ تجھ کو خبر ہے ہم کیا کیا اے شورش دوراں بھول گئے — وہ زلف پریشاں بھول گئے وہ دیدۂ گریاں بھول گئے — مجاز

سب کا تو مداوا کر ڈالا اپنا ہی مداوا کر نہ سکے — سب کے تو گریباں سی ڈالے اپنا ہی گریباں بھول گئے — مجاز

یہ مہر و ماہ، ارض و سما مجھ میں کھو گئے — اک کائنات بن کے ابھرنے نگاہوں میں — جاں نثار اختر

دیکھوں ترے ہاتھ تو لگتا ہے ترے ہاتھ — مندر میں فقط دیپ جلانے کے لیے ہیں — جاں نثار اختر

سوچو تو بڑی چیز ہے تہذیب بدن کی — ورنہ تو بدن آگ بجھانے کے لیے ہیں — جاں نثار اختر

تو اس قدر مجھے اپنے قریب لگتا ہے — تجھے الگ سے جو سوچوں عجیب لگتا ہے — جاں نثار اختر

اک شہنشاہ نے دولت کا سہارا لے کر — ہم غریبوں کی محبت کا اڑایا ہے مذاق — ساحر

حادثے اور بھی گزرے تری الفت کے سوا — ہاں مجھے دیکھ دیکھ مجھے، اب مری تصویر نہ دیکھ — مجروح

بچا لیا مجھے طوفاں کی موج نے ورنہ — کنارے والے سفینہ مرا ڈبو دیتے — مجروح

ستون دار پہ رکھتے چلو سروں کے چراغ — جہاں تلک یہ ستم کی سیاہ رات چلے — مجروح

ہم ہیں متاع کوچہ و بازار کی طرح — اٹھتی ہے ہر نگاہ خریدار کی طرح — مجروح

دیکھ زنداں سے پرے رنگ چمن جوش بہار — رقص کرنا ہے تو پھر پاؤں کی زنجیر نہ دیکھ — مجروح

چہروں کے سمندر سے گزرتے رہے لیکن — اک عکس کو آئینہ ترستا ہے ہمارا — شہریار

جدھر اندھیرا ہے، تنہائی ہے، اداسی ہے — سفر کی ہم نے وہی سمت کیوں مقرر کی — شہریار

اے عمر رفتہ میں تجھے پہچانتا نہیں — اب مجھکو بھول جا کہ بہت بے وفا ہوں میں — شاد عارفی

یہی زندگی مصیبت یہی زندگی مسرت — یہی زندگی حقیقت ہے یہی زندگی فسانہ — جذبی

ملے مجھ کو غم سے فرصت تو سناؤں وہ فسانہ — کہ ٹپک پڑے نظر سے مئے عشرت شبانہ — جذبی

جب کشتی ثابت و سالم تھی ساحل کی تمنا کس کو تھی — اب ایسی شکستہ کشتی پر ساحل کی تمنا کون کرے — جذبی

رین اندھیری ہے اور کنارہ دور — چاند نکلے تو پار اتر جائیں — ناصر

رشتۂ جاں تھا کبھی جس کا خیال — اس کی صورت بھی تو اب یاد نہیں — ناصر

یوں ترے حسن کی تصویر غزل میں آئے — جیسے بلقیس سلیماں کے محل میں آئے — ناصر

آ کر گرا تھا کوئی پرندہ لہو میں تر — تصویر اپنی چھوڑ گیا ہے چٹان پر — شکیب

نہ اتنی تیز چلے سر پھری ہوا سے کہو — شجر پہ ایک ہی پتہ دکھائی دیتا ہے — شکیب

تو خدا ہے، نہ مرا عشق فرشتوں جیسا — دونوں انساں ہیں تو کیوں اتنے حجابوں میں ملیں — احمد فراز

مدت کے بعد اذن تبسم ملا ہمیں — وہ بھی کچھ ایسا تلخ کہ آنسو نکل پڑے — احمد ندیم قاسمی

چنگ ٹوٹا مگر آہنگ نہ ٹوٹا اپنا — ہم وہ شعلہ ہیں جو بجھ کر بھی دماغوں میں جلیں — احمد ندیم قاسمی

خود کو میں بانٹ نہ ڈالوں کہیں دامن دامن	کر دیا تو نے اگر میرے حوالے مجھ کو	قتیل شفائی
پل بھر کو تیری یاد میں بھڑکا تھا دل مرا	اب تو دور تک بھنور سے پڑے ہیں صداؤں میں	قتیل شفائی
کہہ دو صلیب شب سے کہ اپنی منائے خیر	ہم نے تو پھر چراغ سروں کے جلا لیے	قتیل شفائی
سورج کو چونچ میں لیے مرغا کھڑا رہا	کھڑکی کے پردے کھینچ دیے رات ہوگئی	ندا فاضلی
ہونٹوں کو سی کر دیکھیے پچھتایئے گا آپ	ہنگامے جاگ اٹھتے ہیں اکثر گھٹن کے بعد	کیفی اعظمی
انسان کی خواہشوں کی کوئی انتہا نہیں	دو گز زمین بھی چاہیے دو گز کفن کے بعد	کیفی اعظمی

❁❁❁

یادداشت

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

Revised Edition

OBJECTIVE
ZAKHIRAH-E-FUN

FOR NET, JRF (UGC), PGT, TGT, LECTURESHIP
& OTHER COMPETITITVE EXAMS

Nafees Abdul Hakeem

MODERN PUBLICATIONS
Sadar Bazar, Maunath Bhanjan (U.P.)
Ph. : 0547-2220681, Mob. : 09450755820
E-mail : maktabanaimiamau@gmail.com